صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 30 ستمبر 2013ء بمطابق 23 ذیقعدہ 1434 ہجری شام چار بجے منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر امتیاز شاہد مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

وَإِن طَآئِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا ۖ فَإِنْ بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَىٰ فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتَّىٰ تَفِيءَ إِلَىٰ أَمْرِ اللَّهِ ۚ فَإِن فَاءَتْ فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَأَقْسِطُوا ۖ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَo

ترجمہ: اور اگر مسلمانوں میں دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو انکے درمیان اصلاح کردو پھر اگر ان میں کا ایک گروہ دوسرے پر زیادتی کرے تو اس گروہ سے لڑو جو زیادتی کرتا ہے یہاں تک کہ وہ خدا کے حکم کی طرف رجوع ہو جاوے پھر اگر رجوع ہو جائے تو ان دونوں کے درمیان عدل کے ساتھ اصلاح کردو اور انصاف کا خیال رکھو بیشک اللہ انصاف والوں کو پسند کرتا ہے۔ مسلمان تو سب بھائی ہیں سو اپنے دو بھائیوں کے درمیان صلح کرادیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہا کرو تاکہ تم پر رحمت کی جائے۔ و آخِرُ الدَعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: معزز اراکین اسمبلی! جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ خیبر پختونخوا اس وقت دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے اور گزشتہ ایک ہفتے کے دوران تقریباً تین بڑے واقعات ہو چکے ہیں جس میں چرچ کوہاٹی گیٹ میں تقریباً 84 افراد ہلاک ہوئے، Similarly سیکرٹریٹ بس پر حملہ ہوا، اس میں بھی ہمارے تقریباً 19/20 ہلاکتیں ہوئیں اور قصہ خوانی بازار پشاور میں تقریباً 40 سے زیادہ افراد شہید ہو چکے ہیں۔ اسی طرح ٹوٹل تقریباً 145 لوگ ایک ہفتے کے دوران شہید ہوئے اور اس طرح سینکڑوں افراد زخمی ہو چکے ہیں۔ بلوچستان میں بھی حالیہ زلزلے کی وجہ کافی ہلاکتیں ہوئی ہیں، تو میں سب سے پہلے مفتی جانان صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ پہلے دعا کریں۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: جزاک اللہ۔ جن معزز اراکین اسمبلی۔۔۔۔۔

ارباب اکبر حیات: جناب سپیکر صاحب! کوهاټی ګیټ چرچ دهماکه کښې چې کوم اقلیتی ورونه مړه شوی دی، د هغوی په سوګ کښې، د هغوی په یاد کښې که د څه وخت د پاره خاموشی وشی نو ښه به وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، اقلیتی برادری کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ایک منٹ کیلئے خاموشی کا میں، ایک منٹ کی خاموشی کیلئے کھڑے ہوتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر جملہ اراکین اسمبلی ایک منٹ تک کیلئے خاموش کھڑے رہے)

اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: جن معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، انکے اسمائے گرامی: جناب وجیہہ الزمان خان صاحب، ایم پی اے 30-09-2013 تا 01-10-2013; محترمہ رومانہ جلیل صاحبہ، ایم پی اے 30-09-2013 تا اختتام اجلاس; محترمہ صوبیہ شاہد، ایم پی اے 30-09-2013 تا 01-10-2013; میاں ضیاالرحمان صاحب، ایم پی اے 30-09-2013 اور جناب بہرام خان صاحب 30-09-2013 تا 01-09-2013; محترمہ انیسہ زیب صاحبہ 30-09-2013 تا 01-10-2013۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

مسند نشین حضرات کی نامزدگی

Mr. Deputy Speaker: In pursuance of sub rule (1) of rule 14 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I, hereby nominate the following Members, in order of priority, to form a Panel of Chairmen for the current Session:

1. Mr. Qurban Ali Khan;
2. Mr. Sami Ullah Alizai;
3. Madam Amna Sardar; and
4. Mr. Askar Pervez.

جناب فضل الہی: جناب سپیکر صاحب! ما یوہ خبرہ کولہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا کمیٹی اناؤنس کړم، یو منټ صبر وکړئ۔

عرضداشتوں کے بارے میں کمیٹی کی تشکیل

Mr. Deputy Speaker: Item No 4, 'Committee on Petitions': In pursuance of rule 116 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I, hereby constitute a committee on petitions, comprising the following Members under the Chairmanship of Deputy Speaker:

1. Syed Muhammad Ishtiaq;
2. Mr. Zia Ullah Bangish;
3. Madam Maleeha Tanveer;
4. Arbab Akbar Hayat Khan;
5. Mr. Shah Hussain Khan;
6. Mr. Qurban Ali Khan.

پشاور میں دہشت گردی کے واقعات پر بحث

(گرجاگھر واقع کوہاٹی گیٹ پشاور، قصہ خوانی بازار اور سیکرٹریٹ بس)

Mr. Deputy Speaker: Sardar Mehtab Ahmad Abbasi, honourable Leader of the Opposition, to start discussion on the requisition agenda, please. Sardar Mehtab Ahmad Abbasi.

چونکہ مہتاب احمد خان عباسی صاحب موجود نہیں ہیں تو اپوزیشن کی جانب سے میں مولانا لطف الرحمان صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

مولانالطف الرحمان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ نحمده و نصلیٰ علی رسوله الکریم۔جناب سپیکر، بہت بہت شکریہ کہ آپ نے آج ایک اہم موضوع کی طرف، جو آج ہم یہاں پر اسمبلی میں بیٹھے ہیں اور یہ اسمبلی بلائی گئی ہے، ون پوائنٹ ایجنڈے کے طور پر اور آج ہم انتہائی افسردہ صورتحال میں اس اسمبلی میں بیٹھے ہیں، میں اسمبلی کے ممبران کو اس حوالے سے بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ آج انہوں نے مسیحی برادری کے ساتھ یکجہتی کے طور پر ایک منٹ کیلئے کھڑے ہو کر خاموشی سے ان کا ساتھ دیا اور ہمیں یہ تاثر پوری دنیا کو دینا چاہیے اور یہ تاثر بالکل نہیں جانا چاہیے کہ مسیحی برادری یا ہمارے اقلیت کے دوسرے بھائی خدانخواستہ پاکستان کی سرزمین پر غیر محفوظ ہیں، ہمیں ہر صورت میں ان کو حفاظت دینا یہ ہمارا فرض بنتا ہے۔ جناب سپیکر، جب اس اسمبلی کو بلایا جارہا تھا تو اس وقت پہلا دھماکہ ہوا تھا جس کا ذکر آپ نے کیا اور انتہائی افسوسناک واقعہ ہوا اور اس وقت لوگوں کی جو حالت تھی اور اس چرچ میں جو آہ و بکا ان لوگوں کی تھی اور وہ اپنے عزیز واقارب کی، اپنی بیٹیوں کی، اپنے ماں باپ کی، اپنے بھائیوں کی، اپنی بہنوں کی جو وہ لاشیں اٹھا رہے تھے، وہ ایسی صورتحال جس کا بندہ تفکر نہیں کر سکتا، رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں انسان کے کہ جو حالات اس وقت ان لوگوں پر تھے۔ جناب سپیکر، اسمبلی بلائی گئی اور آج Monday ہے اور اس دورانیہ میں جو چرچ کا واقعہ ہوا، دو واقعے اور ہو گئے، انتہائی افسوسناک واقعات رونما ہوئے، بم دھماکے ہوئے، بس میں بم کا دھماکہ ہوا اور کل تھانے کے ساتھ جو دھماکہ ہوا، جس میں ہمارے بہن بھائی وہ شہید ہوئے۔ بس کے واقعے میں جو ہمارے ملازمین تھے سیکرٹریٹ کے، وہ اس میں شہید ہوئے۔ جناب سپیکر، ہم تو پہلے سے بھی کہتے چلے آرہے ہیں کہ آخر کب تک ہم اس کا انتظار کرتے رہیں گے کہ آگے کوئی دھماکہ ہو؟ جناب سپیکر، میں Security lapse کی طرف بھی اشارہ کرنا چاہتا ہوں، آپ نے ٹی وی پر سنا ہوگا، ہمارے ممبران نے سنا ہوگا کہ جو ہمارے پشاور کے بشپ ہیں، انہوں نے باقاعدہ ٹی وی پر کہا کہ مجھے ڈی آئی خان کے ہمارے جو بشپ تھے، انہوں نے باقاعدہ بتایا کہ ہمیں تو اطلاع دی گئی تھی کہ آپ لوگ خیال کریں اور بم دھماکہ ہو سکتا ہے، انہوں نے ٹی وی پر یہ ذکر کیا، ایک انٹرویو میں اس نے ذکر کیا۔ تو جناب سپیکر، یہ عجیب بات ہے کہ یہاں کے بشپ کو تو معلوم نہیں اور جس دن چرچ میں عبادت کی جارہی تھی اور اتوار کے دن ساری مسیحی برادری چرچ میں جمع ہوتی ہے اپنی عبادت کیلئے، تو جناب سپیکر، وہاں کوئی سیکورٹی نہیں تھی۔ جہاں اطلاع پہلے دی جارہی ہے اور سیکورٹی وہاں موجود نہیں تو آپ بتائیں جناب سپیکر، جب حالات آپ کے سامنے ہیں تو کیا جو واقعہ رونما ہوا، جو لوگ وہاں پر شہید ہوئے، اس کے ذمہ دار کون

ہیں،اس کے ذمہ دار کون ہیں؟اور یہ جو بعد میں بس کا واقعہ ہوااور اس کے بعد یہ جو کل واقعہ ہوا، ہمیں سوچنا پڑ رہا ہے کہ آخر دیکھیں کہ لاء اینڈ آرڈر سیچویشن صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے، صرف اس سے کام نہیں چلے گا کہ ہم جاکر وہاں پر انکے ساتھ کھڑے ہوکر، ہم میڈیا پر آکر بات کرلیں اور ہم دنیا کو دکھادیں کہ ہم اس کا ساتھ دے رہے ہیں، یا یہ کہ ہم واقعات کیلئے تیار ہیں کہ ابھی کوئی واقعہ ہو تو ہم اس کیلئے ہاسپٹلز کو Ready کریں، ایمرجنسی نافذ کریں اور ہم وہاں پر پہنچیں، یہ تو ضروری ہے، ضرورت ہے اس بات کی، لیکن کیا صرف ہم یہی سوچیں گے کہ ہم اس کیلئے تیار ہیں کہ کبھی کوئی بم کا دھماکہ ہوگا، لوگ مریں گے اور پھر اس کے بعد ہم نے ان کو اٹھانا ہے اور ہم نے ہاسپٹلز میں ان کو پہنچانا ہے اور ان کی جو اموات ہوتی ہیں تو ان کو ہم نے ان کے گھروں تک پہنچانا ہے اور پھر اس کے بعد ہم نے ان کو دفن کردینا ہے، کیا یہاں تک بات ختم ہو جاتی ہے؟ جناب سپیکر، اس پر بات ختم نہیں ہوتی، ہمیں حالات کو سنجیدگی سے سوچنا ہوگا۔ یہ حکومت کی ذمہ داری ہے، صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے، لاء اینڈ آرڈر کی سیچویشن کو کنٹرول کرنا یہ حکومت کی ذمہ داری ہے، صرف نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اس بات سے کہ یہ حکومت کی ذمہ داری نہیں، اور وہ یہ سوچے کہ یہ مرکز کی وجہ سے یا مرکز کی طرف دیکھے کہ مذاکرات کا سلسلہ چل رہا تو شاید ہم اس کا انتظار کریں کہ وہ مذاکرات کس طرح ہوتے ہیں اور اسلام آباد میں آل پارٹیز کانفرنسز ہونگی اور اس میں ہم بیٹھے گے اور دنیا کو دکھائیں گے کہ ہم آل پارٹیز کانفرنس کر رہے ہیں اور مذاکرات کا سلسلہ چلائیں گے اور اس جیسے معاملات جو ہمارے ملک میں ہو رہے ہیں، اس کا سدباب ہو سکے گا۔ جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری اپنی ذمہ داری ہے، ہمیں سوچنا پڑے گا اس کے اوپر کہ ہم کس طریقے سے یہ مذاکرات، یہ Initiative، یہ مسئلے کا حل صوبائی حکومت نے ڈھونڈنا ہے۔ بلوچستان میں مسئلہ ہے، بلوچستان حکومت کی ذمہ داری ہے، صوبہ سرحد کی لاء اینڈ آرڈر کی سیچویشن آپ کے سامنے ہے، یہاں پہ جو قتل و غارت گری ہو رہی ہے، یہ صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے اور صوبائی حکومت کو ہی اٹھانا ہے اس مسئلے کو اور اس کے حل کی طرف جانا ہے، نہ کہ ہم اس کا انتظار کرتے رہیں کہ پھر دوبارہ کوئی بم دھماکہ رونما ہو اور پھر ہم جو ہیں نالاشیں اٹھاتے رہیں۔ اب تو لوگ تھک گئے ہیں اپنے عزیزوں کی لاشوں کو کندھوں پر اٹھاکر ہسپتال تک لے جانا، اب لوگوں کے کندھے جواب دے چکے ہیں اس حوالے سے اور آج شہر میں اگر آپ جائیں، خوف وہراس پھیل گیا ہے، ہر بندہ یہ سوچتا ہے کہ میں گھر سے نکلوں گا تو شاید میں واپس آتا ہوں کہ نہیں آتا، میں اگر خرید و فروخت کیلئے جارہا ہوں بازار میں تو پھر شاید میں واپس آسکتا ہوں کہ نہیں آسکتا؟ تو

جناب سپیکر، ہم یہاں پہ بیٹھے ہوئے ہیں، ہم ان چیزوں پہ تو سوچ رہے ہیں، ان پہ میٹنگز بھی ہو رہی ہیں کہ ہم ایجوکیشن کو این جی اوز کے حوالے کس طرح کریں، اس کو ٹھیکے پہ کس طرح دیں؟ ان باتوں پہ تو سوچا جارہا ہے لیکن یہ قوم سوچے گی اس حوالے سے کہ اگر لاء اینڈ آرڈر کی سیچویشن کی بہتری کی طرف بات نہیں جائے گی اور یہ مسائل ختم نہیں ہونگے تو تعلیم کون حاصل کرے گا، تعلیم آپ کس کو دیں گے، کس ماحول میں آپ تعلیم دینا چاہتے ہیں اور آپ تعلیم میں کونسی ایمرجنسی نافذ کر سکتے ہیں کہ اگر آپ کے امن کا مسئلہ اس طرح ہے؟ تو جناب سپیکر، آخر ہمیں ذمہ داری طے کرنا ہوگی اور ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ حکومت اس سلسلے میں کیا کر رہی ہے؟ لیکن کوئی چیز ہمارے سامنے ایسی نہیں آرہی کہ جس پہ ہم سوچیں کہ حکومت اس کے سدباب کیلئے کچھ کر رہی ہے، کوئی سنجیدہ عمل ہمارے سامنے نہیں آرہا کہ جس پہ ہم سوچیں کہ واقعتاً حکومت اب اس طرف جارہی ہے اور ہم ساتھ دیں گے اس حوالے سے، یہ ہمارے پورے صوبے کا مسئلہ ہے، ہم امن کے مسئلے میں ہر Step پہ آپ کا ساتھ دینے کو تیار ہیں لیکن اگر آپ اس کو چاہتے ہیں کہ اس کا اب وہ امن قائم ہو۔ جناب سپیکر، تحریک انصاف کے حوالے سے اس الیکشن سے پہلے بہت دھرنے ہوئے، ڈرون حملوں کے خلاف ہوا، پالیسیوں کے خلاف ہوتے رہے اور نیٹو سپلائی کے حوالے سے ہوتے رہے کہ نیٹو سپلائی بند کی جائے جناب سپیکر، یہاں تو عجیب سی صورتحال ہے کہ اگر قرارداد پیش ہونی ہو تو اس پر بھی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ قرارداد ہم لائیں اسمبلی میں کہ نہیں لائیں کیونکہ اگر نیٹو سپلائی کی بات ہوتی ہے تو ہماری ذمہ داری بنتی ہے، ہمارے صوبے کی ذمہ داری بنتی ہے، اس ڈر کی خاطر ہم اس کو قرارداد میں نہیں لا رہے، تو یہ کیسے وہ الیکشن تھا اور اس الیکشن میں وہ نعرہ تھا کہ ہم ڈرون حملے بند کروائیں گے، ہم نیٹو سپلائی کے حوالے سے بات کریں گے، صوبے میں حکومت آپ کی ہے اور آپ کے اس حوالے سے تو کوئی اقدامات ہمارے سامنے نہیں آئے اور جناب سپیکر، میں نے یہی بات کی کہ باقی سارے معاملات پر اگر آپ میٹنگ کر سکتے ہیں، بیٹھ سکتے ہیں، اسمبلی کو بائی پاس کر کے، اسمبلی کو کوئی معلومات نہیں ہیں کہ ہم کس طرح ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو این جی اوز کو ٹھیکے پر دے رہے ہیں؟ یہ معاملات اسمبلی کو نہیں معلوم لیکن امن کے حوالے سے ہماری سوچ کہاں گئی جو بنیادی چیز ہے؟ اگر امن ہے تو معیشت ہے، اگر امن نہیں تو معیشت نہیں ہے، امن ہے تو روزگار ہے، اگر امن نہیں تو روزگار نہیں، امن ہے تو کاروبار ہے ورنہ نہیں ہے، تو آخر ہم کدھر جارہے ہیں، ہم اپنے لوگوں کو کیا تاثر دے رہے ہیں؟ اور لوگوں میں جو خوف وہراس ہے، اس کو کیسے ختم کیا جاسکتا ہے؟ جناب سپیکر، ہماری یہ ذمہ

داری ہے اور اس ذمہ داری کو ہمیں پورا کرنا ہوگا، عوام آپ سے پوچھیں گے اور آج حکومت کیلئے یہ ضروری ہے کہ وہ اس پہ اقدامات اٹھائے، عملی اقدامات اٹھائے جس پہ قوم مطمئن ہو سکے، قوم کو اطمینان دو اور یہ اطمینان دلانا ضروری ہے ورنہ ہماری یہاں اسمبلی میں بیٹھنے کی کیا ضرورت ہے پھر؟ ہم اسمبلی میں بیٹھے ہیں تو قوم کے نمائندے بن کر بیٹھے ہیں، یہاں پہ صوبے میں حکومت آپ کر رہے ہیں تو آخر یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم کس طریقے سے لوگوں کو امن دے سکتے ہیں؟ تو جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ آج کے ان حالات میں جو کچھ بھی ہو رہا ہے، یہ صرف نظر انداز اس سے نہیں کیا جا سکتا، یہ حکومت کی ذمہ داری ہے، حکومت نے اس ذمہ داری کو پورا کرنا ہے ورنہ حالات روز بروز خراب ہوتے چلے جائیں گے اور آخر آپ تک یہ پہنچیں گے، تو یہ اس سے صرف نظر نہیں کیا جا سکتا جناب سپیکر، تو مجھے امید ہے اس حکومت سے کہ وہ اس پہ سنجیدگی سے عملاً اقدامات شروع کرے گی۔ جناب سپیکر، بہت بہت شکریہ۔

و آخِرُ الدَعوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِینَ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> سید محمد علی شاہ صاحب۔

<u>سید محمد علی شاہ:</u> ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔ نن دا اجلاس د اپوزیشن طرف نه ریکوزیشن شوے دے او صرف ون پوائنٹ ایجنډا ده او زما په خیال چې نن د ټول قوم سترګې، د دې ټولې صوبې سترګې هم دې یوې مسئلې ته دی۔ څنګه چې مولانا صاحب خبره وکړه او هر سړے جناب سپیکر صاحب، دا غواړی چې دلته به امن کله راځی؟ نو زه خو اول پرزور مذمت کوم په چرچ چې کومه حمله شوې ده جی، د هغې نه پس بیا په بس باندې چې کومه حمله شوې ده، اتلس شل کسان پکښې مړه دی او بیا پرونئ واقعه په قصه خوانئ کښې چې کومه شوې ده، زه د دې پرزور الفاظ سره مذمت کوم۔ جناب سپیکر صاحب، نن مونږ خدائے شته چې حملې شمارو چې دا دوسوګیارهواں حمله ده، دا دوسو بارهواں حمله ده، دا دوسو تیرهواں حمله ده خو د هغې سدباب د پاره چا سنجیده کوشش ونکړو۔ نن داسې یا اتفاق به ورته اووایو چې دې ټولو پارټیانو که هغه مسلم لیګ دے، که هغه جماعت اسلامی ده، که هغه پیپلز پارټی ده، اے پی سی وشوه، فیډرل ګورنمنټ ته اختیار ورکړے شو او د هغې باوجود د هغې نه لس ورځې پس، پنځلس ورځې پس داسې حالات په دې صوبه کښې پیدا شو، نن په دې اخبارونو کښې چې جناب سپیکر صاحب! مونږ کوم ګورو، اورو او داسې د اهم خلقو نه،

د اهم عهدیدارانو نه چې دا چې کوم حالات دلته صوبه کښې دا خلق پیدا کوی، دا Sabotage کوی، دا کوم دریم قوت چې دے ، خو دا دریم قوت مخې ته د چا رانغلو جناب سپیکر صاحب، نو پکار دی چې مونږ دا دریم قوت مخې ته، دا د حکومت ذمه واری جوړیږی چې دا دریم قوت مونږ مخې ته دې قوم ته کیږدو چې دا کوم کسان دی چې دا نه غواړی چې په دې صوبه کښې، په دې ملک کښې، په دې خاوره کښې، په دې پاکستان کښې امن نه غواړی، دا خدائے شته د ډیر افسوس سره زه جناب سپیکر صاحب، دا خبره کوم۔ نن د تیر حکومت حوالې په اخبارونو کښې راغی جناب سپیکر صاحب، تیر پینځه کاله هم دا دهشت گردی وه،دادهماکې وې خو گورنمنټ یو fforts پکښې کړی وو جناب سپیکرصاحب۔ نن د مالاکنډ ډویژن مثال زما په خیال ټولو ته مخامخ دے چې کله تیر حکومت راغے ، مختلف پارټیانو حکومتونه وو، خدائے شته که دوه کاله څوک د خپل کوره راوتے شو، په خپلو سترگو مې جناب سپیکر صاحب! لیدلی وو چې په هر چوک کښې، په سوات کښې، په بونیر کښې، په مالاکنډ کښې، په درگئی کښې به ئے سرکاری افسران خدائے شته چې پهانسی کول۔ په چوکونو کښې به ئے جناب سپیکر صاحب! لټکاؤ کړی وو خو زه بیا کریډټ هم هغه گورنمنټ له ورکوم چې لاول ئے ورسره د مذاکراتو خبره وکړه، د مذاکراتو په میز ئے ټول کښینول خو زه د ډیر افسوس سره وایم چې بیا هم هغه خلقو مذاکرات ونه منلی شو، مذاکرات ئے Sabotage کړل او بیا حکومت مجبوره شو چې په مالاکنډ ډویژن کښې یو آپریشن شروع کړو۔ جناب سپیکر صاحب، زه په فخر سره دا خبره کوم چې د هغه آپریشن سره کم از کم 20/ 25لاکھ کسان آئی ډی پیز شو، څوک پیښور ته راغلل، څوک مردان ته راغلل، څوک ایبټ آباد ته لاړل، څوک پنجاب ته لاړل، په درې څلور پینځه میاشتو کښې واپس هغه آئی ډی پیز چې کوم وو، هغه واپس مالاکنډ ډویژن ته لاړل، دا د هغه حکومت جناب سپیکر صاحب! یو کارنامه ده د هغوی خو نن زه د ډیر افسوس سره دا خبره کوم چې هغه Efforts نشته، نن د گورنمنټ ډیر چې کوم Stake holders دی، هغوی دا خبره کوی چې مذاکرات زه وایم چې امن پکار دے او د هر بچی په خله باندې، د هر مشر په خله باندې، د هر سړی په خله باندې دا خبره ده چې مذاکرات کوئ، جنگ کوئ، که

هر حالت کوئ خو چې کم از کم په دې خاوره باندې جناب سپیکر صاحب! امن وی۔ (تالیاں) نن ولې هغه Efforts څوک نه کوی؟ نن زمونږ د اپوزیشن چې کومې پارټیانې دی چې کومې حکومتی پارټیانې دی، چې کومې حکومتی پارټیانې دی جناب سپیکر صاحب، هغوی ټول اختیار فیډرل ګورنمنټ له ورکړے دے، دا د فیډرل ګورنمنټ او د صوبائی ګورنمنټ ذمه واری ده چې نن دلته زه دا منم چې مونږ دا جنګ نه Own کوؤ جناب سپیکر صاحب، صوبائی ګورنمنټ ئے نه Own کوی یا فیډرل ګورنمنټ ئے نه Own کوی خو کم از کم Own کول یاDisown کول ترې به یو طرف ته کیږدو، کم از کم دې قوم له پروټیکشن به څوک ورکوی، زه ئے ورکولے شم، یو عام کس ئے ورکولے شی؟ دا د حکومت وقت ذمه داری ده چې دې قوم له، دې خاورې له به پروټیکشن جناب سپیکر صاحب! ورکوی۔ نو زه د ډیرې عاجزئ سره دا خبره جناب سپیکر صاحب! کوم چې ټولو پارټیانو فیډرل ګورنمنټ له هم اختیار ورکړے دے او هر یو سړے دیکښې Sincere دے، خدائے شته دا خلق چې څنګه مولانا صاحب خبره وکړه، خلق جناب سپیکر صاحب! تنګ شو۔ نن چې په دې خاوره کښې امن نه وی، ما بجټ تقریر کښې هم دا خبره کړې ده چې داسې به شل بجټس پیش شی، شل بجټ به راشی اسمبلئ ته خو چې په خاوره کښې، په دې علاقه کښې امن نه وی، خدائے شته چې د هغې Implementation ډیره ګرانه خبره ده۔ نو د ټولو نه اول ضروری دا ده چې په دې خاوره کښې د جناب سپیکر صاحب! امن وی او هغې له Sincerity پکار ده۔ نن د سری لنکا مثال درله جناب سپیکر صاحب! زه درکوم چې په سری لنکا کښې لس کاله مخکښې، پنځلس کاله مخکښې چې کومه دهشت ګردی وه، خدائے شته د هغې دهشت ګردو سره جهازونه وو، ټینکس ورسره وو، نور داسې ډیر وسائل ورسره وو، په پاکستان کښې شکر الحمدلله هغه وسائل ورسره نشته خو هغوی یو Sincere effort وکړو او نن په سری لنکا کښې زما په خیال چې دهشت ګرد که په سوال باندې هم سړے دغه کوی نو دهشت ګرد پکښې څوک نه شی پیدا کولے، صرف Sincerity جناب سپیکر صاحب! پکار ده او هغه زه وایم چې په دې هاؤس کښې چې مونږ څومره ناست یو، عوامی نمائندګان یو، کله به هلته کښینو کله به دلته کښینو خو خدائے

شته چې ګورے د ټول قوم سترګې زمونږ طرف ته دی، یو Sincere effort پکار دے د زړه نه، دا پوائنټ سکورنګ، زه دا منم چې دهماکه وشی د ټولو نه مخکښې مونږ رسیدلی یو هغه ځائې ته، یو پارټی په بلې پسې خبره کوی، بله پارټی په بلې پسې خبره کوی، دا وخت د پوائنټ سکورنګ خدائے شته که د دې متحمل کیدے شی، دا د پوائنټ سکورنګ وخت نه دے جناب سپیکر صاحب او که دا وخت لیټ شو نو په ایمانداریٔ درته دا خبره کوم چې نن په یو پارټئ باندې ده، سبا په بله پارټی باندې به وی۔ پرون په یو پارټئ باندې وه، نن په بله، دیکښې د پارټیانو څه خبره نشته دے، نن نه زمونږ جمات محفوظ دے، نه حجره محفوظه ده، نه بازارونه محفوظ دی، نه عام شاهراهیں محفوظ دی، Even چې دا چرچ هم ترې نه دے محفوظ، نو کوم ځائې ته به جناب سپیکر صاحب! مونږ ځو؟ چې په دې ټول علاقه کښې یو ځائې هم داسې نه دے، داسې ځائې نشته چې د دهشت ګردئ نه محفوظ دے۔ نو جناب سپیکر صاحب! زما دا د وروریٔ خواست دے، که پاکستان پیپلز پارټی ده که اے این پی ده، ډیرې قربانیانې ټولوپارټیانو ورکړې دی، جماعت اسلامی په خپل ځائې ورکړې دی، تحریک انصاف به په خپل ځائې ورکړې وی، مسلم لیګ به په خپل، هر یو پارټئ خپل خپل ځائې باندې قربانیانې ورکړې دی۔ نن سرکاری افسران، خدائے شته زه ورته خراج تحسین پیش کوم، آرمی ته، پولیس فورس ته زمونږ دې صوبه کښې څومره پولیس فورس شهادت ورته نصیب شو، هغوی په فرنټ لائن باندې جناب سپیکر صاحب! جنګیږی، پکار ده چې مونږ د هغوی دغه هم Boost کړو، هغوی له هم داسېIncentives ورکړو چې کم از کم زمونږ نه یو قدم مخکښې هغوی لګیا دی جنګیږی، آرمی والا پکښې زرګونو کسان شهیدان شو، افسران زمونږ د صوبې چې څومره Cream وو په پولیس کښې، هغه ټول شهیدان شوی دی نو جناب سپیکر صاحب! چې دې باندې مونږ Sincere efforts و نکړو، د زړه نه مو د پارټیانو دا سیاست یو طرف ته نکړو نو خدائے شته چې دا ملک، دا خاوره زه وایم چې راروان دا زمونږ آئنده نسلونه به مونږ معاف نکړی۔ ډیره مهربانی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی۔ میں اپنی جانب سے اور تمام معزز اراکین اسمبلی کی طرف سے جناب بشپ، منور ریمل شاہ پادری، اعجاز اور مسیح گل اور ان کے ساتھ دیگر آئے ہوئے رفقاء کار کو اسمبلی میں خوش آمدید کہتا

ہوں اور اس کے بعد عسکر پرویز صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ عسکر پرویز۔

جناب عسکر پرویز: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ سب سے پہلے تو میں اس ایوان کا بہت شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ہماری اقلیتی برادری کے ساتھ خاص طور پر کرسچین کمیونٹی کے ساتھ جو آل سینٹ چرچ میں حادثہ پیش آیا بلکہ سانحہ پیش آیا، اس کے اظہار یکجہتی کیلئے یہاں پر سب اکٹھے ہوئے ہیں۔ جناب سپیکر، یہ چرچ، اس سے ہمیں بہت زیادہ محبت ہے، یہاں کی پشاور کی کرسچین کمیونٹی کو کیونکہ یہ پشاور کا اور خیبر پختونخوا کا سب سے پرانا چرچ تھا اور اس چرچ سے ہماری محبت اس وجہ سے بھی بہت زیادہ ہے کیونکہ میں خود اسی چرچ کا ممبر ہوں، اسی چرچ میں میرا بپتسمہ ہوا ہے، اسی چرچ میں مستقیم ہوا ہوں اور اسی چرچ میں ہم لوگ اپنی نمازوں کیلئے اور اپنے خدا کی حمد و ثنا کیلئے جاتے ہیں لیکن جناب سپیکر، آج اس چرچ کا رنگ ایسے لگتا ہے جیسے سرخ ہو گیا ہے، مجھے نہیں پتہ کہ ہماری یہ جو حکومت نے 84 لوگوں کی شہادت کا نمبر دیا ہے کیونکہ 124 لوگوں کی لسٹ اس وقت میرے پاس موجود ہے، بلکہ ہمارے ایک دوست نے بتایا کہ 133 ہو چکی ہے لسٹ لیکن چونکہ 123 نام میرے پاس موجود ہیں اس لئے میں 123 لوگوں کا ذکر کر رہا ہوں۔ ہمارے کلیسا کے 123 لوگوں کو شہید کر دیا گیا جناب سپیکر اور ایسے ایسے ہولناک واقعات، ایسی ایسی ہولناک سٹوریز کہ سن کر کلیجا پھٹ جائے۔ ہمارے ایک بہت قریبی جاننے والے ویلیم صاحب نمبر 4 سکول کے پرنسپل، ان کی شہادت ہو گئی، ان کا بیٹا فورتھ ایئر میڈیکل، کے ایم سی کا سٹوڈنٹ، انتہائی قابل ترین بچہ آج ہمارے ساتھ نہیں ہے، ان کی بیٹی سیکنڈ ایئر میڈیکل کی سٹوڈنٹ ہے ایڈورڈز کالج میں، قابل ترین بچی ہمارے درمیان نہیں ہے۔ ویلیم صاحب کی بیٹی مر چکی ہے، ان کی بیوی اس وقت بھی سی ایم اتچ ہاسپٹل میں زندگی اور موت کی کشمکش میں ہے، بتانے کی ہمت نہیں ہے کہ اس خاتون سے اس کا شوہر، اس کا بیٹا، اس کی بیٹی چھن چکی ہیں۔ نعیم نذیر مر گیا ہے، اس کا بھائی مر گیا ہے، اس کی بھابی، اس کی بیوی، اس کی بیٹی، ایک ایک گھر سے جناب سپیکر! سات سات، آٹھ آٹھ جنازے اٹھے ہیں، بتاتے ہوئے دل پھٹ جاتا ہے۔ اگلے دن ہم لوگوں کو یہ سمجھ نہیں آ رہی کہ کس جنازے پہ جائیں اور کس کے جنازے پہ نہ جائیں؟ ایک رات میں 46 جنازے ہوئے ہیں جناب سپیکر۔ ہمیں سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ کس چرچ میں، کس ہاسپٹل میں کس کی عیادت کیلئے جائیں اور کس کی عیادت کیلئے نہ جائیں؟ سی ایم اتچ میں الگ مریض پڑے ہوئے ہیں، ایل آر اتچ میں الگ مریض پڑے ہوئے ہیں، کے ٹی اتچ میں الگ مریض پڑے ہوئے ہیں،

پورا کا پورا کلیسا مار دیا گیا ہے جناب سپیکر، پورا کلیسا۔ جب چرچ میں جاتے تھے، آپ کو ہمیشہ کچھ چہرے دیکھنے کو ملتے تھے، مسجد میں بھی جاتے ہیں تو ہمیشہ کچھ چہرے دیکھنے کو ملتے ہیں، آج کے بعد ہمیں ہمارے چرچ میں وہ چہرے دیکھنے کیلئے نہیں ملیں گے، وہ سب مر گئے ہیں۔ ایک ایک Couple کے بچے مر گئے ہیں، بچے زندہ ہیں تو ماں باپ مر گئے ہیں، بچوں کا سہارا نہیں ہے، ماں باپ زندہ رہنا نہیں چاہتے کیونکہ ان کے بچے سارے مر گئے ہیں اور دھماکہ ہو گیا، ہاسپٹل پہنچے اور اس میں کوئی پولیٹیکل پوائنٹ سکورنگ والی بات نہیں ہے اور نہ میں کوئی اپوزیشن کا نمائندہ ہوں کہ اس وجہ سے یہ باتیں کر رہا ہوں، ہاسپٹل میں کوئی سہولت موجود نہیں تھی جناب سپیکر، کسی قسم کی کوئی سہولت موجود نہیں تھی، رل گئے ہیں ہمارے لوگ وہاں پر، یہ جو 84 لوگوں کی Death کہہ رہے ہیں، بالکل 84 لوگ ہی مرے ہیں، اس کے علاوہ اوپر جتنے 35/40 لوگ مرے ہیں، وہ اس چرچ میں سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے مرے ہیں۔ میرے پاس لوگوں کی رسیدیں پڑی ہوئی ہیں جناب سپیکر، جنہوں نے خود بازار سے جا کر اپنے لئے بلڈ بیگز خریدے ہیں، میرے پاس رسیدیں پڑی ہیں لوگ لے کر آئے ہیں جنہوں نے خود اپنے ہاتھوں سے جا کر میڈیسنز خریدی ہیں۔۔۔۔۔

(عصر کی اذان)

<u>جناب عسکر پرویز:</u> جناب سپیکر! لوگوں نے خود جا کر اپنے لئے باہر سے میڈیسنز خریدی ہیں۔ میں نے منسٹر صاحب کو دیکھ کر یہاں پر، اچھی بات ہے وہ یہاں پر آئے ہیں کیونکہ ان کی انتظامیہ نے ان کو شاید کوئی بہت اچھی اچھی تصاویر دکھا دی ہوں، آپ اگر یہاں پر چلڈرن سرجیکل وارڈ میں چلے جائیں جو گائنی کے پاس ہے، وہاں پر دو منٹ کھڑا ہونا ممکن نہیں ہے، اتنی گندی چادریں، گندے وارڈز، اے سی کا نام و نشان تک نہیں، پانچ پانچ سال کے بچے، دو دو ہڈیاں ٹوٹی ہوئی ہیں اور وہاں پر بری حالت میں انہوں نے چار چار، پانچ پانچ دن گزارے ہیں، کوئی پوچھنے والا نہیں تھا۔ پانچ دن کے بعد بھی مجھے فون آیا کہ بھئ! ان لوگوں کیلئے کم از کم اے سی تو لگوا لو اور وہاں پر کوئی سننے والا نہیں ہے جس کو Approach کریں، کوئی سننے والا نہیں، وہ 'ہاں' کر دیتا ہے لیکن جواب میں اس کے اوپر Response کوئی بھی نہیں دیتا، اتنا برا حال وہاں پر لوگوں کے ساتھ ہوا ہے کہ آپ سوچ نہیں سکتے۔ لوگ جو Well off لوگ تھے وہ تو اپنے Patients کو اٹھا کر پرائیویٹ ہاسپٹلز میں لے گئے ہیں لیکن باقی جو غریب ہیں جو نہیں Afford کر سکتے، وہ کیا کرتے؟ یہاں پر میرا ہماری سی ایم ایچ کی انتظامیہ سے بھی تھوڑا سا گلہ ہے، میں جب یہی ولیم غلام صاحب کی بیٹی کا

پتہ کرنے وہاں پر پہنچا ہوں تو وہاں پر جو ویلیم غلام کی بیوی ہیں وہ زندگی اور موت کی کشمکش میں تھی، میں نے جا کر ڈاکٹر صاحب سے ملاقات کی، میں نے کہا کہ ان کا ذرا آپ تھوڑا زیادہ خیال کریں، ان کے Already husband، بیٹا اور بیٹی مر چکے ہیں، وہ بات کر کے میں باہر نکلا اور مجھے بتایا جا رہا ہے کہ بھئی! ہاسپٹل والے Laparotomy کیلئے 35 ہزار روپے مانگ رہے ہیں۔ جناب، میرا گلہ ہے، آج یہاں پر بیٹھے ہوئے سب لوگوں سے گلہ ہے، یہ ملالہ بھی ہماری بہن تھی، کیا اس کو وہاں سے جب لے کر آئے تھے سی ایم ایچ میں، تو کیا اس کے باپ کو کہا گیا تھا کہ تو 350 روپے جمع کرو کیونکہ اس کا الٹرا ساؤنڈ کرنا ہے، اس کیلئے 35 ہزار روپے جمع کرو کہ اس کی Laparotomy کرنی ہے؟ پتہ ہے کہ بم بلاسٹ کا Patient ہے، اسی پشاور میں ہوا ہے لیکن اس سے پیسے مانگے جا رہے ہیں۔ کیا وہ خاتون آپ لوگوں کی بیٹی نہیں ہے، آپ لوگوں کی بہن نہیں ہے؟ جب میں اس لڑکی کے پاس کھڑا ہوا تھا تو اس کے پاس ایک ریسکو والا کھڑا ہو کر رو رہا تھا، زار وقطار رو رہا تھا، کرسچین لڑکا نہیں تھا، مسلم لڑکا تھا، داڑھی رکھی ہوئی تھی، Young لڑکا تھا، زار و قطار رو رہا تھا، کہتا ہے کہ میں ان دونوں بہن بھائی کو تین گھنٹے تک لیکر سی ایم ایچ، ایل آر ایچ میں پھرتا رہا ہوں اور ان کو کسی ڈاکٹر نے Attend نہیں کیا۔ دو قابل ترین بچے ایڈورڈز کالج کے، ایک ایکس ایڈورڈین، ایک ایڈورڈز کالج میں پڑھتی تھی، دونوں مر گئے ہیں، صرف اس وجہ سے کیونکہ ان کو Attend کرنے کیلئے کوئی ڈاکٹر نہیں تھا اور یہ بات جناب سپیکر! ایسی کوئی ہوا میں نہیں ہو رہی، وہاں پر نرسز نے خود ہڑتال کی ہے، کرسچین نرسز نے ہڑتال کی تھی وہاں پر کیونکہ ان کے اپنے Patients، ان کے اپنے رشتہ دار جو وہاں پر زخمی لائے گئے تھے، ان کو Attend نہیں کیا جا رہا تھا، وہ کہہ رہے تھے کہ اگر ہمارے Patients کے ساتھ یہ حال ہو رہا ہے تو باقی جن کی یہاں پر کوئی جان پہچان نہیں ہے، ان کے ساتھ کیا حشر ہوتا ہوگا؟ اور ان سب باتوں کے بعد آپ مجھے بتائیں کہ کیسے کسی ماں کو کہیں کہ یار تیرا بیٹا ہم نے تجھ سے لے لیا ہے اور تو پانچ لاکھ روپے اس کے Against ہم سے لے لے، کوئی ماں لے گی؟ تین بندے ایک گھر کے، فیملی کے مر گئے ہیں، اس کو 15 لاکھ روپے دے کر آپ کہیں کہ ہم نے تینوں لوگ لے لیے ہیں تو کیا آپ اس کو دے دیں گے؟ جس کے Father نے صرف اسکو آٹھ لاکھ روپے کی گاڑی لیکر دی ہو، جس کی تعلیم کا خرچہ ہر سال کا سات آٹھ لاکھ روپے ہو، اس کی زندگی کی قیمت پانچ لاکھ روپے ہے اور اس پانچ لاکھ روپے پر، پانچ لاکھ روپے کے اوپر بھی لوگوں کی رالیں ٹپک رہی ہیں، ابھی جو فنانس نے لیٹر ایشو کیا ہے، کوئی کروڑ Something کیا ہو، اس کے اوپر لوگوں کی رالیں ٹپک رہی ہیں کہ کسی طریقے سے ہم لوگ یہ پیسے

کھالیں۔ آج اس ایوان میں کھڑے ہو کر میں حکومت سے التجاء کر رہا ہوں کہ Kindly یہ پیسے Directly ان لوگوں کو ہی دیجئے گا، By name Cheque کے ذریعے، یہ کسی ادارے کو پلیز میں آپ سے یہ التجاء کر رہا ہوں کہ کسی ادارے کو پلیز مت دیجئے گا، یہ ڈائریکٹ ان لوگوں کو، 123 لوگوں کی اب تک Death ہو چکی ہے، 133 کی تقریباً، مجھے پتہ چلا ہے کہ 133 لوگ شہید ہو چکے ہیں اور جناب سپیکر، اس میں سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ہم لوگوں کا قصور کیا ہے؟ ہم لوگ تو پرامن لوگ ہیں، کبھی کسی کا برا نہیں چاہا، ہم لوگوں کا قصور کیا ہے؟ ہم لوگ ایجوکیشن سیکٹر پر کام کرتے ہیں، ہمارے ایجوکیشن کے ادارے کام کرتے ہیں، ہمارے ہاسپٹلز کام کرتے ہیں، ہم لوگ اس ملک کے بچوں کو پڑھا کے ڈاکٹر بناتے ہیں، انجینئر بناتے ہیں، یہاں پر کتنے لوگ ہونگے جو مشنری اداروں میں پڑھے ہوئے ہیں، میں خود ایڈورڈین ہوں، زرین گل صاحب بیٹھے ہیں اور بھی بہت سارے لوگ ہونگے، وکیل پیدا کیے ہیں ہمارے مشنری اداروں نے، Saint Mary میں بہت سے سیاستدانوں کے بچے پڑھتے ہیں، ہم لوگوں کو یہ اس چیز کی سزا دی گئی ہے کیونکہ ہم لوگوں نے لوگوں کے بچوں کو پڑھا کر ان کو ایک اچھی زندگی دینے کی کوشش کی ہے یا ہم لوگوں کے مریضوں کا مفت علاج کرتے ہیں۔ جناب سپیکر، آج کل نصاب کو ٹھیک کرنے کی بھی بہت ساری باتیں ہو رہی ہیں لیکن ایک مسخ شدہ تاریخ پڑھائی جاتی ہے ہمارے لوگوں کو ہمارے ملک میں، وزیر تعلیم بیٹھے ہیں، میں ان کی خاص توجہ چاہوں گا، ایک مسخ شدہ تاریخ پڑھائی جا رہی ہے۔ آج ہماری ایک معاشرتی علوم کی میٹرک کی بک اٹھا کر دیکھیں تو اس میں ایک ہندو ظالم بنیا اور ایک کرسچین جو ہے، وہ ایک ظالم Foreign invader کے علاوہ اس کا کوئی کردار نہیں ہے۔ کیا آپ لوگ نہیں جانتے کہ اس وقت کا شمال مغربی سرحدی صوبہ جس کو آج ہم لوگ خیبر پختونخوا کہتے ہیں، یہ ریفرنڈم میں کرسچینز کے اور خاص طور پر اقلیتوں کے ووٹ کی وجہ سے پاکستان کا حصہ بنا تھا؟ تاریخ کنگال کے دیکھیں، میں نے یہ بات پہلے بھی کی تھی کہ کرسچینز کے بارے میں کسی کو کچھ پتہ نہیں ہے، اس پہ مجھے لوگوں نے بہت ساری باتیں بھی کی تھیں لیکن واقعی کرسچینز کے بارے میں کسی کو کچھ بھی پتہ نہیں ہے۔ Justice Cornelius کا ذکر کسی کو، کسی نے نام بھی نہیں سنا ہوگا، آپ کے جو پہلے دو آئین ہیں، وہ Justice Cornelius کی مرہون منت ہیں، شاید کسی نے نام سنا ہے، نہیں سنا۔ Captain Cecil کا نام کسی نے سنا ہے؟ نہیں سنا۔ بریگیڈیر ویلیم کی خدمات کسی کو نہیں پتہ، کسی نے کوشش کی کہ ہم یہ جو اقلیتوں کے خلاف نفرت امیز مواد ہے کتابوں کے اندر، ہم اس کو نکال دیں کہ ہم ایک ہندو کو ایک اچھے

انسان کے طور پر پیش کر دیں، ایک کرسچین کو ایک اچھے انسان کے طور پر پیش کریں؟ نفرت سے بھرے ہوئے نصاب ہیں ہمارے، اور پھر ہم کہتے ہیں کہ ہم لوگ ان لوگوں کے ساتھ اچھے طریقے سے برادرانہ رویہ اختیار کریں، کیسے، کون اختیار کرے گا؟ آج کا ایک بچہ جو میٹرک کلاس میں پڑھ رہا ہے، اس کے ساتھ میری کیا محبت ہو گی جب وہ یہ جانے گا کہ اس نے میرے ملک کے اوپر آکر حملہ کیا تھا اور میرے ملک پر قبضہ کر لیا تھا یا ایک ہندو کے ساتھ اس کی کیا محبت ہو گی جب اس کو یہ پتہ چلے گا کہ اس نے ہماری قوم کے اوپر ظلم کے اوپر ظلم ڈھائے تھے؟ جناب سپیکر، اس تاریخ کو ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے، ہم لوگوں کے اندر لوگوں کو شعور دینے کی ضرورت ہے، اس کے بعد ہم لوگ محبت کی اور Equality کی باتیں کرینگے تو اچھے لگیں گے۔ اس ایوان میں یہ کہا جاتا ہے کہ آپ لوگ اپنے آپ کو اقلیت نہ کہا کریں، کیسے نہ کہا کریں؟ جس سیٹ پہ میں بیٹھا ہوں، اس کا نام ہے اقلیتی ممبر صوبائی اسمبلی، میں کیسے نہ کہوں اپنے آپ کو اقلیت؟ جناب سپیکر! قائداعظم نے اس ملک میں اقلیتوں کو رہنے کا حق دیا تھا، انہوں نے اپنی 11 اگست کی تقریر میں اس بات کا ذکر کیا تھا کہ اقلیتیں اس ملک میں آزادی کے ساتھ رہیں گی، اپنے گرجا گھروں میں، مندروں میں، گردواروں میں آزادی کے ساتھ، اپنے اپنے ایمان کے مطابق عبادت کریں گی، یہ حق ہمیں اس ملک کو بنانے والے نے دیا ہے اور یہ حق ہم لوگوں سے کوئی نہیں چھین سکتا۔ اس جھنڈے میں جو سفید رنگ ہے جو کہ امن کا نشان ہے، وہ ہمارا ہے، وہ کسی اور کا نہیں ہے، معذرت کے ساتھ، آپ لوگوں میں سے کسی کا نہیں ہے، وہ صرف ہم لوگوں کا ہے اور وہ قائداعظمؒ نے ہم لوگوں کو دیا تھا، انہوں نے ہمیں کہا تھا کہ تم اس ملک میں آزاد ہو، تم لوگ جس طرح رہنا چاہو، اپنے ایمان کے مطابق اپنی زندگیاں بسر کرو۔ میری آپ لوگوں سے گزارش ہے کہ آپ لوگ Kindly ہمارا حق ہمیں دیں، آج ایک بہتر معاشی زندگی تو چھوڑیں، آج ہم لوگوں کو اپنی زندگیاں بچانا بھی مشکل ہو گیا ہے۔ اس کے بعد بھی جو دھماکے ہوئے ہیں، وہ بھی ہمارے بھائی ہیں، ہم لوگوں کو انکا بھی پورا پورا افسوس ہے، ایسی بات نہیں ہے کہ صرف میں اپنی بات کر رہا ہوں، باقی جن لوگوں نے وہاں پر دھماکہ کیا ہے، ہمارے یسو مسیحؑ کی تعلیمات بہت کلیئر ہیں، ہمیں جو تعلیمات دی گئی ہیں، وہ یہی ہیں کہ اگر تمہارے گال پہ کوئی ایک سائڈ پہ تھپڑ مارے تو تم دوسرا بھی اس کی طرف پھیر دو، معافی کی تلقین کی گئی ہے ہمیں۔ جب یسو مسیحؑ کو مصلوب کیا جا رہا تھا تو انؑ کے ساتھ ایک ڈاکو کو لٹکایا ہوا تھا اور اس نے صلیب کے اوپر انؑ سے معافی مانگ لی تھی تو اسؑ نے اس سے کہا تھا، تو آج ہی میرے ساتھ فردوس میں ہو گا، انہوںؑ نے اسکے سارے گناہ معاف کر دیئے۔ جب انؑ

کو کوڑے مارے جارہے تھے، جب انؑ کو صلیب دی جارہی تھی، جب انؑ کے سر پہ کانٹوں کا تاج پہنایا جارہا تھا، تب انہوںؑ نے کہا تھا کہ اے خدا! انکو معاف کردے کیونکہ یہ نہیں جانتے کہ کیا کرتے ہیں۔ ہمارا بھی آج یہی جملہ ہے، ہم بھی یہی کہتے ہیں، ہماری بھی یہی دعا ہے کہ اے خدا! ان لوگوں کو معاف کردے کیونکہ نہیں جانتے کہ کیا کرتے ہیں؟ جناب سپیکر، ایک بہت افسوس ہوگیا، بہت بڑا ظلم ہوگیا اور میں آپ سب، حکومت سے گزارش کرونگا کہ Kindly آپ لوگوں نے جو بھی کرنا ہے، آپ کریں۔ آپ گورنمنٹ کو تمام لوگوں نے جس قسم کا بھی مینڈیٹ دیا ہے، آپ کو، بہت اچھا کیا ہے، آپ لوگوں کے پاس مینڈیٹ ہے لیکن Kindly ہمیں امن چاہیئے، ہمیں حفاظت چاہیئے، میں ایک کرسچین ہوں لیکن میں یہ بات آج اس اسمبلی میں کھڑے ہوکے کہہ رہا ہوں کہ پاکستان سے اچھی رہنے کی جگہ پوری دنیا میں کوئی نہیں ہے (تالیاں) But provided کہ یہاں پر امن وامان ہو، ہماری زندگیاں محفوظ ہوں، ہمارے بچوں کی زندگیاں محفوظ ہوں، ہماری خواتین کی عزت محفوظ ہو اور میں امید کرتا ہوں کہ یہاں پر بیٹھے ہوئے جتنے بھی اراکین اسمبلی ہیں، وہ سب میری بات سے اتفاق کریں گے کیونکہ ذمہ داری کس کی ہے؟ یہ آپ سب کو بھی پتہ ہے اور مجھے بھی بہت اچھی طرح پتہ ہے، آپ لوگ بلکہ مجھ سے بہتر جانتے ہیں کہ یہ ذمہ داری کس کی تھی کہ ہماری جان کی، ہمارے مال کی حفاظت کی جاتی؟ جو علمائے دین ہیں، وہ زیادہ بہتر بتا سکتے ہیں، وہ ایسا ہے کہ کسی دریا کے کنارے کوئی کتا بھی مر جائے تو اس کی پوچھ کس سے ہوگی؟ یہ آپ سب لوگ مجھ سے زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ جناب سپیکر، 123 مر گئے، ایسے ایسے لوگ جن کو ہم لوگ اپنی جان سے زیادہ پیار کرتے تھے اور کس کس کا رونا روئیں، آپ یقین مانیں آنکھوں میں آنسو ختم ہوگئے ہیں، جن کو ہم لوگ بہن بھائی، جناب سپیکر! پورا کلیسا ختم ہوگیا ہے۔ آخر میں میں اس ایوان سے گزارش کرونگا کہ Kindly کچھ ایسا کریں، یہاں پر ایک قرارداد مذمت بھی میں نے جمع کروائی ہے، میری گزارش ہوگی کہ کل اگر دن میں وہ آجائے اور اسکے علاوہ بھی میری اس حکومت سے گزارش ہے کہ کوئی ایسا Step اٹھائے کہ جس سے اقلیتوں کے دکھوں کا مداوا ہو سکے، انکے زخموں پر مرہم رکھا جاسکے، انکی معاشی ترقی کیلئے انکو اس قومی دھارے میں لانے کیلئے، کیونکہ اس وقت لوگوں کے دلوں میں بالکل یہ اشتعال پایا جاتا ہے کہ ہم لوگ شاید اس ملک کے شہری نہیں ہیں اور میں ان لوگوں کو بہت سمجھانے کی کوشش کررہا ہوں، ہمارے فریڈرک صاحب سمجھانے کی کوشش کررہے ہیں اور میرا پورا یقین ہے کہ سردار صاحب بھی ان کو سمجھانے کی کوشش کررہے ہونگے۔ ہم لوگ اس ملک کا حصہ ہیں، ہم لوگ اسی ملک میں رہیں

گے، ہمیں اس ملک سے بہت محبت ہے، اقلیتیں اس ملک کا پورا پورا برابر کا حصہ ہیں، ہم اس ملک کے بغیر کچھ نہیں ہیں لیکن ایک بات یاد رکھیں کہ یہ ملک بھی ہمارے بغیر کچھ نہیں ہے۔ میں آپ سب کو یقین دلاتا ہوں کہ اتنے بڑے واقعے کے بعد، اتنا بڑا واقعہ ہونے کے باوجود بھی تمام کرسچین کمیونٹی اور تمام اقلیتیں اس ملک کی ترقی کیلئے، اس ملک کی فلاح و بہبود کیلئے اور اس ملک میں امن کیلئے برابر کام کرتی رہیں گی۔ تھینک یو، مسٹر سپیکر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شکریہ جی۔ نماز عصر کا وقفہ ہے۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: محترم مفتی جانان صاحب سے گزارش کرتے ہیں، مفتی جانان صاحب۔

<u>مفتی سید جانان</u>: دعا وکړم جی که تقریر وکړم؟ اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ وَلَنَبۡلُوَنَّكُمۡ بِشَيۡءٍ مِّنَ الْخَوفْ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الأَمَوَالِ وَالأنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ قَالُواْ إِنَّا لِلّهِ وَإِنَّـا إِلَيهِ رَاجِعونَ۔ جناب محترم سپیکر صاحب، د مونږ وقفې نه مخکښې عیسائی برادری مشر اوس هم تشریف فرما دے او مخکښې هم تشریف فرما وو او عسکر پرویز صاحب چې کومې خبرې وکړلې، زه دوئ ته یقین دهانی ورکوم چې لکه څنګه مونږ د خپلو مسلمانو ورونړو په شهادت باندې افسرده یو، غمژن یو، هم دغه شان عیسائی برادرئ ته چې کوم تکلیف رسیدلے دے، دغه غم کښې مونږ مکمل ورسره یو او الله رب العالمین نه دا دعا کوؤ چې الله د دغه ملک آئنده د پاره د داسې غمونو او داسې مصیبتونو او داسې فتنو نه وساتی۔ جناب سپیکر، پښتوکښې خلق وائی چې سوزی هغه ځائې چې کوم ځائې باندې اور بلیږی، یقینی طور باندې کور نه روغ بندیان لاړ شی او بیا پینځه جنازې او شپږ جنازې او اته جنازې او لس جنازې بیا تا ته راوړی، دا ډیر لوئے زور لری او جناب سپیکر صاحب، زه به صرف دومره عرض وکړم چې دا مونږ ټول مسلمانان یو، ناست یو، د الله رب العالمین د وحدانیت قائل خلق ناست یو، الله رب العالمین خپل دربار باندې لیکلی دی ادْعُونِ أَسْتَجِبْ لَكُمْ، اے خلقو چې کله مایوسه شئ، کله دربار باندې تکلیفونه راشی او غمونه دربار باندې راشی، ما ته آواز وکړئ، زه مو بیا مدد کوم خو جناب

سپیکر صاحب، زمونږ زړونو کښې هغه درد نشته دے۔ فضیل ابن عیاض یو عالم تیر شوے دے، هغه چې کله وفات کیدو، کوروالا ته ئے اوونیل چې بی بی! زما بچی نشته دی، زما خاندانی سلسله نشته ده او زما کورکښې دوه بچئ زما نه پاتې کیږی خو چې کله زه وفات شم، زما وفات کیدو نه بعد فلانی ځائې کښې ودریږه، دا آواز وکړه چې فضیل ابن عیاض وئیلی دی چې مخکښې د دغه دوه بچئ سرپرستی ماکوله، زه ژوندے ووم، اللهٔ! دا ستا امانت دے، زه تا ته درکوم ۔ دا مورخ وائی چې دا آواز ئے څنګه ولګولو، په دغه ځائې باندې یو نیک بادشاه تیریدو، اللهٔ رب العالمین د هغه زړه کښې واچول چې دلته یو سړی د اللهٔ دربار وټکولو، اللهٔ ته ئے آواز وکړو، ورشه د هغه آواز واوره، ورته ئے وئیل چې خورې! څه خدمت دے؟ وئیل چې زه د فضیل ابن عیاض بی بی یم، دا زما دوه بچئ دی، ما ته ئے دا وئیلی دی چې کله زه وفات شم، د دوئ بل سرپرست نشته، اللهٔ ته ئے زه په امانت کښې ورکوم، وئیل چې ما دا آواز کړے دے۔ بادشاه ورته وئیل چې زما دوه ځامن دی، ستا دا دوه لوڼه د دې دوه ځامنو شوې۔ جناب سپیکرصاحب، که مونږ نور هیڅ نشو کولے، زه وایم چې دا حالات داسې حالات دی چې مونږ په دې باندې نه پوهیږو چې زمونږ دوست څوک دے، زمونږ دشمن څوک دے؟ مونږ په دې باندې نه پوهیږو چې څوک مو وژنی او ولې مو وژنی، ګناه مو څه ده؟ په دې باندې مونږ نه پوهیږو جناب سپیکر صاحب، خو زما به دغې ټولو ممبرانو ته، بلکه دا څومره خلق ناست دی، زما به دغو ته دا ګزارش وی چې دا ملک ډیر لوئے تکلیف کښې دے، دغه ملک کښې ډیرې لوئې پریشانئ دی، تاریخ زه وایم چې بنګله دیش بیلیدو نه بعد دغه ملک خاورې به داسې تکلیف بیا نه وی لیدلے لکه نن دغه خاوره کومه تکلیف کښې ده، چې مونږ دوه دوه رکعته صلواة حاجات کوؤ چې خدایا! مونږ نه پوهیږو ته پوهیږې، د حالاتو تدارک مونږ نشوکولے، ته کولے شې، زما دا فریضه ده چې زه دوه رکعت مونځ کوم، ان شاءالله د الله نه به امید لرم خو جناب سپیکر صاحب، دا دنیا دارالاسباب ده، په 22 تاریخ باندې دهماکه وشوه، 123 کسان ورکښې وفات شو، جناب سپیکر صاحب، په 27 تاریخ باندې دهماکه وشوله 19کسان ورکښې شهیدان شو او په 29 تاریخ باندې وشوله 42 کسان او 15 کسان د یو کور

ورکښي شهیدان شو۔ زه جناب سپیکر صاحب، زه ډیر افسوس سره دا خبره کوم، دا زما مخکښې یو اخبار پروت دے ، دا اخبار 19 ستمبر 2013: "دہشت گردی کا خطرہ پشاور کی سیکورٹی سخت کر دی گئی ہے۔ پشاور صوبائی دارالحکومت، پشاور میں دہشت گردی کے شدید ترین خطرات اور خود کش حملہ آوروں کے داخل ہونے کی اطلاعات پر سیکورٹی ہائی الرٹ، تمام حساس مقامات پر حکومتی اداروں کو چوکس رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ خیبر ایجنسی، مہمند ایجنسی سے پشاور آنے والے تمام داخلی اور خارجی راستے اور خارجی راستوں پر پولیس کے علاوہ حساس ادروں کے اہلکاروں کو بھی تعینات کیا گیا۔" جناب سپیکر صاحب، زه ډیر افسوس سره دا خبره کوم چې په 19 تاریخ باندې میډیا کښې دا خبر راځي، په 19 تاریخ باندې، بیا 19 تاریخ نه بعد په 23 تاریخ باندې، په 22 تاریخ باندې، په 27 تاریخ باندې، په 29 تاریخ باندې دومره لوئې لوئې واقعې کیږی، آیا دغه کسانو ته څه آسمانی وحی وشوله، غیبی آواز ورته راغلو چې هغه ورته وئیلی دی چې خودکش حمله آور داخل شول؟ بیا دا ایجنسیانې څه شولې؟ جناب سپیکر صاحب، زه دا وایم چې دا وخت د سیاست نه دے ، دا وخت د دغې خبرو نه دے چې زما د دغې پارټئ سره تعلق دے ، زما دغې سره تعلق ده، دا وخت د یو کیدو وخت دے ، د روس تاریخ جناب سپیکر صاحب که وکتلے شی، روس کښې د سیاسی خلقو په دې باندې جهګړه وه چې د کارغه غوښه حلاله ده او که حرامه ده، هغه ملک د ننه نه کهوکهلا شولو، ملکی ادارې تباه شولې، نن د هغې ملک، اوس هم خپل ځائې ته نه دے راغلے۔ جناب سپیکر صاحب، زما به دا ګزارش وی، یو طرف ته په مونږ باندې ډرون دهماکې کیږی، بل طرف ته نه چرچ محفوظ دے ، نه کور محفوظ دے ، نه جمات محفوظ دے ، نه مدرسه محفوظه ده، زما به دا ګزارش وی جناب سپیکر صاحب! که زمونږ د وینی سودا شوې وی، ما مخکښې وئیلی وو، زه ډیر معذرت سره دا خبره کوم، کله سړے بد لګیږی خو د هرې ورځې د جنازو وچتیدو نه ښه به دا وی چې که دغې خاورې ته د پښتنو د وینې ضرورت وی، مونږ به یو ځائې قربانئ ورکړو۔ جناب سپیکر، هغه به څنګه کور وی، دریالس جنازې یو کور ته ووړلې شی، پینځلس جنازې یو کور ته ووړلې شې، هغه سړے خو مړ دے ، که هغه ژوندے وی نو هغه په مړو باندې بدل دے ، زما به جناب سپیکر صاحب! دا

گزارش وی، مونږ غلط فهمئ کښې واقع یو، زه په تاسو الزام لګوم، تاسو په ده لګوئ، بل په ده لګوی، بل ئے په ده لګوی، هراساں یو، خدائے حاضر وګڼو او ټول دا عهد وکړو چې راځئ خپل دشمن په ګوته کړو چې ستا دشمن څوک دے، ما او تا خو په غلطه باندې لګیا یو، کله یو سړے وایو او کله بل وایو، زما به دا ګزارش وی، زمونږ ډیرې وینې توئې شوې او دا به هم زما ګزارش وی، لاء منسټر صاحب ناست دے چې بس کښې کومه دهماکه شوې وه، هغه سړی باندې یو کال مخکښې هم دهماکه شوې وه او د هغه دهماکې، لکه عسکر پرویز صاحب څنګه اوونیل، د هغه وینو قیمت په دغه ورځ باندې یو کال بعد هغه سړی ته چیک ملاؤ شوے دے۔ جناب سپیکر صاحب، زما به دا ګزارش وی چې دغه خلقو باندې رحم وکړئ، په دغه معاشرې رحم وکړئ، ګنې تاریخ به مونږ معاف نه کړی، تاریخ به مونږ په بدو الفاظو باندې یادوی۔ پاکستان کښې عیسائی برادری، پاکستان کښې سکھ برادری، پاکستان کښې هندو کمیونټی برادری، مسلمانان، دا ټول د دغه خاورې وسیدونکی دی، لکه د دغه خاورې څنګه د مسلمان زړه کښې قدر دے، هم دغه شان د عیسائی برادری، هندو برادری، سکھ برادری، د ټولو خلقو زړونو کښې د دغه خاورې قدر دے، راځئ چې یو عزم وکړو چې دغې خاورې ته څوک لګیدلے دے، د دغه ظالم او دغه جابر قوت لاس ونیسو او که نه چې یو بل لائحه عمل اختیار کړو۔ وآخِرُالدَّعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب قیموس خان صاحب کی والدہ انتقال کر چکی ہیں، میں مفتی جانان صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ ان کے ایصال ثواب کیلئے دعا کریں۔

(اس مرحلہ پر مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: جزاک اللہ۔ جناب سردار حسین بابک صاحب، سردار حسین بابک، پلیز۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، زما نه مخکښې هم ټولو ملګرو او ټولو مشرانو د کوم مقصد د پاره چې دا نن غونډه رابللے شوې ده، په هغې باندې په ډیر تفصیل باندې خبره وکړه او بیا د عیسایانو ورونړو او خوئیندو نمائندګی چې عسکر پرویز صاحب په کوم انداز کښې وکړه، حقیقت هم دا دے

چې د دې صوبې د هر زړه درد او د هغه ټکور چې دے ، هغه ئے نن په دې اسمبلۍ کښې بیان کړو او سپیکر صاحب، تاسو پخپله هم د دغه واقعې نه، خصوصی واقعې نه ډیر زیات با خبره یئ چې ډیره زیاته د افسوس واقعه وه، ډیره زیاته د درد واقعه وه، ډیره زیاته د غم واقعه وه او چې کله مونږ اپوزیشن ریکوزیشن کولو چې په دغه دردناکه سانحه باندې، واقعه باندې د په اسمبلۍ کښې ټول مشران او ټول ملګری ډیر په تفصیل خبره وکړی نو مونږ ته دا نه وه پته چې د هغې نه پس به هم هغه ظالمان چې دی، هغوی به زمونږ د دې وطن نور مشران او نور ورونړه خوئیندې، بچی، بچیان شهیدان کوی. سپیکر صاحب، دا داسې فورم دے چې دې ته یواځې نن زمونږ د صوبې د ټولو خلقو غوږ نه دے ، سترګې نه دی، دې ته د ټولې دنیا غوږ دے ، دې ته د ټولې دنیا سترګې دی او دا یو داسې مسئله ده چې راروانه ده، دا مرګونه چې دی، دا وژنې چې دی، دا شهادتونه چې دی، دا و ندریدل او ظاهره خبره ده چې په دې ټول وطن کښې هر سیاسی ګوند او هر سیاسی جماعت چې دے ، دې مسئلې ته خپل خپل نظر لری او سپیکر صاحب، زه دا ګنړم چې دا نوے حکومت راغلے دے ، ډیره زیاته خوش آئند خبره وه په دې حواله باندې چې ټول سټیک هولډرز چې دی، هغه راغونړ شو، د سیاسی جماعتونو مشران چې دی، هغه کښیناستل او هر سیاسی جماعت نمائنده تجویزونه ورکړل او د دې ملک د ادارو مشران هم کښیناستل، په یوه خبره اکتفا وشوه چې د مذاکراتو د لارې د د دې مسئلې حل رااوویځی. سپیکر صاحب، که مونږ دې یو طرف ته وګورو، د دې طرف نه یو ډیر زیات ښنه خوش آئند میسج لاړو، پیغام لاړو هغه خلقو ته چې کوم خلق دلته اړے ګړے کوی، دلته ئے بدامنی پیدا کړې ده، دلته دهشت ګردی کوی، پکار خو دا وه، نن دلته د میډیا ملګری ناست دی، ہونا یہ چاہیئے تھا کہ آج ان کی طرف سے جو لوگ ہماری مسجدوں کو اڑا رہے ہیں، جو ہمارے سکولوں کو جلا رہے ہیں، جو ہمارے بزرگوں کو شہید کروا رہے ہیں، جو ہماری عیسائی برادری کو نہیں بخشتے، ان کی طرف سے کلئیر کٹ یہ مسیج آنا چاہیئے تھا اور اسی میسج کو خوش آمدید کہنا چاہیئے تھا۔ بد قسمتی یہ رہی کہ جس دن اے پی سی کا اجلاس ہوا، اسی دن سے لیکر آج تک چھوٹے بڑے سانحات اور واقعات کو ملا کے، میرے خیال میں بد قسمتی سے وہ لوگ اپنا پیغام اسی شکل میں دیتے رہے ہیں، میں یہاں پہ بتانا ضروری سمجھتا ہوں سپیکر صاحب، مذاکرات کا اسی ملک میں کوئی مخالف نہیں ہے، ساری سیاسی جماعتیں جو ہیں اور

اٹھارہ کروڑ عوام جو ہیں، وہ اسی مسئلے کا حل چاہتے ہیں، حکومتی ادارے یا ریاستی ادارے، میں آج یہ سوال بھی کرنا ضروری سمجھتا ہوں میڈیا کے توسط سے، کہ آج حکومتی اور ریاستی اداروں کو ان چیزوں کو دیکھنا چاہیئے کہ اگر اسی طرف سے ایک میسج جاتا ہے کہ ہم مذاکرات کرنے کیلئے تیار ہیں تو پھر دوسری طرف سے جو ہم پہ وار ہو رہے ہیں اور جس طرح میرے بھائیوں نے بات کی ہے اور ایک ایک گھر سے سترہ سترہ جنازے، بیس جنازے اٹھائے جا رہے ہیں تو آج حکومتی اور ریاستی اداروں کیلئے ایک سوالیہ نشان ہے کہ وہ اس بات کو سوچیں کہ آیا اسی مسئلے کا حل صرف مذاکرات میں ہے کہ نہیں ہے؟ سپیکر صاحب، یہاں پہ کوہاٹی میں جو انتہائی اندوہناک سانحہ ہے، میں یہاں پہ ہر گز پولیٹیکل بات نہیں کرونگا لیکن اس طرح کے واقعات جب رونما ہوتے ہیں تو ہماری انٹیلی جنس جو ادارے ہیں، وہ اپنی رپورٹس دے دیتے ہیں تو کیا میں صوبائی حکومت سے یہ سوال کر سکتا ہوں کہ کوہاٹی میں جو اتنا بڑا سانحہ ہونے والا تھا، ان کو انفارمیشن نہیں تھی؟ اگر ان کو انفارمیشن نہیں تھی تو بھی ہمیں جواب چاہیئے کہ کیوں ان کو انٹیلی جنس اداروں نے اطلاع نہیں دی تھی؟ اور اگر ان کو انفارم کیا گیا تھا تو Early in the morning اسلام آباد میں اگر ان کی سی ای سی کی میٹنگ ہو رہی ہے، تو اتنی ضروری تھی وہ میٹنگ کہ صوبے کے چیف ایگزیکٹیو کو یہ معلوم تھا کہ کوئی بڑا سانحہ ہونے والا ہے، ہمیں اس کا بھی جواب چاہیئے۔ سپیکر صاحب، جب ہم اور میاں صاحب، میاں افتخار حسین صاحب جب ہاسپٹل پہنچے، جس طرح عسکر پرویز صاحب نے کہا اور میں ان تمام بھائیوں کو اور اپنی بہن نگہت اورکزئی کو، جو جو وہاں پہنچے تو وہاں پہ بچے، وہاں پہ بچیاں، وہاں پہ بوڑھے، وہاں پہ جوان، سارے چلا رہے تھے، برآمدے میں میتیں پڑی تھیں، میتوں کیلئے تابوت تک موجود نہیں تھے اور اتنی بری حالت تھی، اتنی بری حالت تھی اور میاں افتخار حسین صاحب سارے مجمع کو یہ بات Convey کرنا چاہ رہے تھے کہ دوسرے حملے کا خطرہ ہے، لہذا آپ لوگ انتہائی صبر سے یا انتہائی استقامت سے کام لے لیں۔ بجائے اس کے کہ میں فلور آف دی ہاؤس پہ کہتا ہوں کہ عمران خان یہاں پہ آئے، سپیکر صاحب! بجائے اس کے کہ عمران خان صاحب اور حکومتی وزراء اور حکومتی اہلکار ان ظالموں کے خلاف بول لیتے جنہوں نے یہاں آ کے ہماری عیسائی برادری کی ہمیں 134 لاشیں دیں، ان کے خلاف ایک لفظ نہیں بولا، عوامی نیشنل پارٹی پر برس پڑے، اسی کو کہتے ہیں قیادت؟ کدھر گئے ان کے وہ نعرے، الیکشن سے پہلے تو یہ کہہ رہے تھے کہ میں ایک بال پہ تین تین لوگوں کو کلین بولڈ کرونگا، آج میں پوچھتا ہوں کہ وہ خود کلین بولڈ ہو گئے ہیں، الیکشن سے پہلے تو وہ تین تین اور چار چار لوگوں کو ایک ایک گیند پر کلین بولڈ کرنے کے دعوے کر

رہے تھے، آج میں اسی لئے صوبائی حکومت کو Criticize نہیں کر رہا، دھماکے ہماری حکومت میں بھی ہوتے تھے لیکن یہاں پہ ایک 'اونرشپ' تھی، یہاں پہ ہم نے ایک چیز کو Own کیا ہوا تھا، ہم نے کبھی یہ نہیں کہا تھا کہ یہ امریکہ کی جنگ ہے، ہم نے کبھی یہ نہیں کہا تھا کہ یہ ریمنڈیوس کرا رہا ہے، ہم نے کبھی یہ نہیں کہا تھا کہ اس کے پیچھے چھپے ہوئے ہاتھ ہیں، ہم کھلے عام آج بھی کہہ رہے ہیں کہ ہمارے دور حکومت میں سوات میں ملا فضل اللہ صاحب نے دربار لگایا تھا، گٹ اور پیوچار میں ان کے کیمپنگز تھے، 34 ایف ایم ریڈیوز تھے، سوات سے اور مالاکنڈ ڈویژن سے پاکستان کے جھنڈے اتارے گئے تھے، ہم گئے وہاں پہ، ہم نے مذاکرات کئے، انہوں نے مذاکرات سے بغاوت کی، پھر ہم نے کیا کیا؟ آج سوات کی میری بہنیں اور بھائی گواہی دینگے اور سارے مالاکنڈ ڈویژن کے لوگ گواہی دینگے کہ ہم نے کارروائی کا آغاز کیا، (تالیاں) آج میں پوچھنے کا یہ حق رکھ سکتا ہوں، آج ملا فضل اللہ کنڑ میں بیٹھا ہے، کنڑ میں، اور آج یہاں پہ حملے کروا رہا ہے، تو کیوں یہ کہا جا رہا ہے، 'شف شف' میں اور 'اگر مگر' میں حالات اسی نہج پہ پہنچائے ہیں کہ اللہ کرے، اللہ کرے کہ سب کو یہ توفیق حاصل ہو کہ ظالم کو ظالم کہیں، قاتل کو قاتل کہیں، مظلوم کو مظلوم کہیں۔ کوئی کہے گا کہ یہ بین الاقوامی مسئلہ ہے، کوئی کہے گا کہ یہ امریکہ کی جنگ ہے، کوئی کہے گا کہ یہ ڈرون حملوں کی وجہ سے ہو رہا ہے، آج میں پوچھ سکتا ہوں کہ کل مٹہ گاؤں شبقدر میں، چارسدہ میں ایک گھر میں سترہ جنازے اٹھائے گئے ہیں، سترہ جنازے، کیا جس گھر سے سترہ لاشیں اٹھائی گئی ہیں، اس گھر کے کسی بندے نے وہاں پہ ڈرون گرائے ہیں؟ نہیں سپیکر صاحب، لوگ مصلحت کے شکار ہیں، لوگ ڈرتے ہیں، خوف کی وجہ سے آج میرے صوبے، آج میرے خیبر پختونخوا کی ایک ایسی حالت بن گئی ہے کہ آج میرے سیکرٹریٹ کا ایک جونیئر کلرک محفوظ نہیں ہے، میرا اسسٹنٹ محفوظ نہیں ہے اور پھر یہ کہا جا رہا ہے کہ یہ ہمیں وراثت میں ملا ہے، ہمیں تو لوگوں نے بقول آپ کے Reject کیا ہے، ابھی تو نئی حکومت ہے اور یہ تو میں آج ان ظالموں سے بھی پوچھنا چاہ رہا ہوں، عوامی نیشنل پارٹی پر تو یہ الزام تھا کہ ہم امریکہ کا ساتھ دے رہے ہیں تو اسی لئے ہم امریکہ کا کام کر رہے ہیں، آج میں ان ظالموں سے فلور آف دی ہاؤس پہ پوچھ رہا ہوں کہ کیا موجودہ حکومت آپ کو امریکہ کا ساتھی لگ رہی ہے اور میں ساتھ حکومت سے بھی یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ لوگ خدا کیلئے، خدا کیلئے ان ظالموں کو کم از کم یہ Message convey کر لیں کہ اگر آپ لوگ امریکہ کے اتحادی نہیں ہیں تو ان ظالموں کو بتاؤ کہ اسی ملک میں ابھی امریکہ کا کوئی اتحادی نہیں ہے، لہذا یہاں پر جو دھماکے ہیں، یہ بند ہونے چاہئیں۔ سپیکر صاحب، مجھے تحریک طالبان میں اور

تحریک انصاف میں ایک فرق نظر آ رہا ہے، ایک۔ سپیکر صاحب، تحریک طالبان پھر بھی ذمہ داری قبول کرتی ہے، اللہ کرے کہ تحریک انصاف کو اللہ تعالیٰ اتنی توفیق دے کہ وہ یہ ذمہ داری جو ہے، وہ قبول کر لے۔ اور عجیب ڈرامہ ہے، پختونوں کی نسل کشی ہو رہی ہے، عمران خان صاحب کہہ رہا ہے کہ ان کا یہاں پر دفتر ہونا چاہیے، میرے میڈیا کے بھائیو! یہ نیا پختو نخوا ہے، جو پختونوں کے 40 ہزار لوگوں کو مروائیں گے ان کو سرٹیفیکیٹ ملے گا اور یہاں پر وہ اپنا دفتر کھولیں گے، آج ساری دنیا کو بتائیں۔۔۔۔

آوازیں: شیم، شیم۔

مونږ د دې څيزونو نه نه يريږو چې مرګ به مونږ له راځي، ان شاالله مرګ له به مونږ پخپله غاړه غاړئ ورځو۔ جناب سپيکر صاحب، څومره ښه خبره به وه نن چې زما دلته چيف ايګزيکټيو ناست وے، نن چې زما چيف ايګزيکټيو دا خبرې اوريدلې وے او په دې باندې ئے مونږ ته يو واضحه پاليسي ښودلې وے چې د دې څه پاليسي ده او په دې باندې به دوئ مخکښې څنګه روانيږي؟ نو زه به هم خوشحاله ووم، زما د پيښور زما د دې ښکلي پيښور بچے بچے به هم په دې باندې مطمئنه وو۔ که دهشت ګردي ده نو هغه هسې هم نه رکاويږي خو د دوئ سوچ ښه دے، د دوئ نيت ښه دے۔ جناب سپيکر صاحب، زه چې د حيات آباد نه راځم نو په ناکه باندې زمانه لس منټه دا پوچھ ګچ کيږي چې ستا څه نوم دے، زه وايم زما اکبر حيات نوم دے، وائي ته څه کار کوې، زه وايم زه ايم پي اے يم، وائي ته چرته روان ئې، زه وايم اسمبلئ ته روان يم، په دې باندې لس منټه لګي۔ جناب سپيکر صاحب، زه دوئ ته دا وايم چې دا ناکې چې کومې لګيدلې دي، بجائے د دې چې دوئ د خلقو نه پښتنه کوي، د دې ګاډو ډيګۍ چيک کړئ، د ګاډو شا ته سيټونه چيک کړئ، د هغوی باڼټې وچتې کړئ، د هغې نه څه غواړئ چې د ده د چا سره تعلق دے او دے کوم خوا روان دے؟ نو دغه ناکه، او زه نن تاسو ته پيشن ګوئي کوم دا چې په دې ناکه باندې به يو دومره غټه دهماکه کيږي، په کوم کښې به چې دومره نقصان کيږي ځکه چې لس منټه، لس منټه چې کوم چيکنګ سره شا ته تقريباً يو نيم ميله پورې روډ بلاک کيږي او هغوی چې کوم دے وښيار دي، هغوی هم دغه رنګې موقعې ګوري او که چرې مونږ بيا هم ځان ويښ نکړو او مونږ دغه رنګه فيصلې ونکړې نو زه دا وايم چې زمونږ دا خيبر پختونخوا به زمونږ نه لاړه شي او مونږ به لاسونه وينځو۔ ډيره مهرباني، شکريه۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: *محترمہ ملیحہ تنویر صاحبہ۔*

<u>محترمہ ملیحہ تنویر</u>: *السلام علیکم، میرا نام ملیحہ تنویر ہے، اس پلیٹ فارم سے بولنے کا آج مجھے پہلی دفعہ موقع مل رہا ہے کیونکہ* Fortunately or unfortunately *میں چونکہ گورنمنٹ کا حصہ ہوں تو مجھے کبھی بھی اپنا* Point of view *بتانے کا موقع نہیں ملا لیکن* As a DDAC chairperson, Mansehra *میں نے جب اپنے علاقے میں کام کرنا شروع کیا اور کھلی کچہریاں اور ڈسٹرکٹ تحصیل*

لیول کے دورے شروع کئے تو میں یہ دیکھتی اتنی حیران ہوئی کہ اس علاقے میں جہاں پر تحصیل میں بارہ ڈاکٹرز ہونے چاہئیں، ہسپتال میں وہاں صرف ایک ایم او ڈیوٹی کر رہا ہوتا تھا اور برا حال ہے۔۔۔۔۔

<u>آواز:</u> شیم شیم۔

<u>محترمہ ملیحہ تنویر:</u> Shame on you اس لئے کہ ہمارے پاس گورنمنٹ آئی ہے For the last four months، شرم آپ لوگوں کو آنی چاہیے، پانچ سال گورنمنٹ کرکے گئے آپ لوگ (تالیاں) شرم نون کو آنی چاہیے، شرم پی پی پی کو آنی چاہیے جو ہزارہ میں Rule کرتی رہی اور As a DDAC chairperson آج میں جب کہتی ہوں تو وہ مجھے صحابہ کرامؓ سے جا کر ملاتے ہیں اور وہ مجھے کہتے ہیں کہ تم ان عورتوں میں سے ہو، ان U/Cs میں کسی نے (قطع کلامیاں) آپ ذرا سا ایک منٹ، کسی کو سننا بھی چاہیے، (قطع کلامیاں) آپ ذرا پلیز بیٹھ جائیں، (قطع کلامیاں) دیکھیئے اپوزیشن والوں کو بہت موقع ملتا ہے بات کرنے کا، (شور اور قطع کلامیاں) مجھے شرم آتی ہے کہ پچھلے پانچ سال Govern کرکے آپ گئے ہیں اور (شور اور قطع کلامیاں) دیکھیں ہم نگہت اورکزئی نہیں بن سکتے ہیں، اگر آپ (ہمیں) بات کرنے دینا چاہتے ہیں تو کر دیں ورنہ ہم بیٹھ جاتے ہیں۔

(قطع کلامیاں اور شور)

<u>ایک خاتون رکن:</u> آپ لوگ سنیں، آپ لوگ سنیں۔

(قطع کلامیاں اور شور)

<u>Ms. Maleeha Tanveer:</u> Sham on you previous government, sham on you -----

(شور اور قطع کلامیاں)

<u>محترمہ ملیحہ تنویر:</u> آپ لوگوں میں اتنا حوصلہ نہیں کہ آپ کسی کی بات سن لیں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> آپ لوگ مہربانی کرکے (شور اور قطع کلامیاں) یہ طریقہ غلط ہے ویسے (شور) میں تمام اراکین اسمبلی سے گزارش کرتا ہوں، آپ بیٹھ جائیں، آپ تشریف رکھیں جی، آپ سب تشریف رکھیں، (شور) آپ تشریف رکھیں جی، آپ پلیز تشریف رکھیں، (شور) آپ تشریف رکھیں جی پلیز، آپ تشریف رکھیں، آپ تشریف رکھیں، آپ ذرا تشریف رکھیں جی، (قطع کلامیاں) آپ پلیز آپ تشریف رکھیں۔ ارباب صاحب! آپ تشریف رکھیں تھوڑا، نلوٹھا صاحب! پلیز آپ تشریف

رکھیں،آپ بیٹھ جائیں پلیز،آپ تشریف رکھیں،آپ تشریف رکھیں جی، باقی لوگ، باقی لوگ تشریف رکھیں۔ (قطع کلامیاں) میڈم ملیحہ !آپ مختصر بات کریں پلیز، میں ریکویسٹ کرتا ہوں۔

محترمہ ملیحہ تنویر: مختصر کرتی ہوں،آپ بولنے تو دیں مجھے، (شور) سر، میں صرف دو منٹ بات کرونگی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں گزارش کرتا ہوں۔

محترمہ ملیحہ تنویر: میں صرف دو منٹ بات کرونگی،اگر مجھے بات کرنے دیں،ان میں اتنی Capacity نہیں ہے کہ یہ لوگ ہماری بات سن سکیں، سر آپ ہاؤس کو چپ کرائیں، سر،آج مجھے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اسرار گنڈاپور صاحب،پلیز۔

محترمہ ملیحہ تنویر: نہیں سر۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون): سر،(اراکین سے)ایک منٹ اگر آپ پلیز، (شور) سر،اگر دونوں اطراف سے اس قسم کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں جو کہ پارٹیوں کے خلاف ہیں تو میرے خیال میں یہ ہمارے لئے ایک قابل افسوس بات ہے۔ جیسا کہ سراج الحق صاحب نے کہا کہ آج لوگ اس انتظار میں ہیں کہ اس معزز ایوان سے کوئی باقاعدہ اس قسم کی آواز مشترکہ جائے گی کہ ان قوتوں کو جو امن کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں،ان کو ایک پیغام دیں اور اگر آج ہم ایک دوسرے کے ساتھ اس طریقے سے لڑ پڑیں کہ اس ایوان کا جو تقدس ہے، وہ مجروح ہو تو میرے خیال میں اس اجلاس کے پھر جو اغراض ومقاصد تھے،وہ یہ نہیں تھے۔ میری سر یہ گزارش ہوگی کہ اگر دونوں طرف سے اس قسم کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں، ان کو حذف کیا جائے اور اگر اپوزیشن کے ہمارے بھائیوں کی کوئی دل آزاری ہوئی ہے تو گورنمنٹ بنچز کی طرف سے میں معذرت کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ جو الفاظ استعمال ہوئے ہیں دونوں طرف سے، غیر پارلیمنٹری ہیں، مجھے بھی افسوس ہے، ان کو میں حذف کرتا ہوں اور آپ مہربانی کرکے، سید جعفر شاہ صاحب سے گزارش ہے کہ وہ۔۔۔۔

جناب فریڈرک عظیم: جناب سپیکر صاحب، میں ایک ضروری بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سید جعفر شاہ صاحب،پلیز آپ بیٹھیں ،پلیز آپ مہربانی کریں آپ بیٹھیں۔ سید جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو،جناب سپیکر-----

محترمہ ملیحہ تنویر:جناب سپیکر!

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: ملیحہ ں صاحبہ !پلیز (قطع کلامیاں) میں آپ کو ٹائم دیتا ہوں، ایک منٹ پلیز۔

محترمہ ملیحہ تنویر:جناب سپیکر!

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر صاحب،جناب سپیکر، مجھے بہت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج---

جناب ڈپٹی سپیکر: جعفر شاہ صاحب، جعفر شاہ صاحب سے گزارش ہے، جعفر شاہ صاحب سے گزارش ہے کہ ایک منٹ کیلئے میڈم کو ٹائم دیں،بہت اسرار کر رہی ہے، خیر ہے۔

(شور)

جناب جعفر شاہ: (محترمہ ملیحہ تنویر، رکن اسمبلی سے)ابھی آپ میرے بعد بولیں۔

(شور)

جناب اورنگزیب نلوٹھا:وہ بعد میں بات کریں،یہ دہشت گردی----

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: خیر ہے ارباب صاحب،ارباب صاحب،پلیز آپ،اورنگزیب صاحب----

جناب جعفر شاہ :سپیکر صاحب! مائیک مو اوس راکڑے کرے ، دا د یو منٹ صبر وکړی----

جناب ڈپٹی سپیکر: جعفر شاہ صاحب!میں آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ آپ ماشاء اللہ سنجیدہ ہیں اور،

محترمہ نگہت اورکزئی:چلیں بولیں، چلیں بولیں،بولو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی بولیں۔

جناب ملیحہ تنویر: دیکھیں میں اس بات پہ بہت حیران ہوں کہ آپ لوگ ایک ایک گھنٹہ بولتے ہیں اور ہم لوگ کوئی بات نہیں کرتے، میری دو منٹ بات آپ لوگوں کو اتنا Upset کر رہی ہے، میں آپ کو صرف یہ کہنا چاہتی ہوں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ملیحہ تنویر: جناب سپیکر، آپ اگر ان کو تھوڑا سا خاموش کرائیں کہ یہ لوگ اتنے Upset ہیں کہ یہ میری ایک منٹ بات، آپ گھڑی پہ ٹائم دیکھ لیں اور آپ اس کے Accordingly میں دو منٹ بعد بس کر دوں گی۔ پہلی بات یہ ہے کہ میں جب اس پارلیمنٹ میں آئی تو ظاہر ہے کہ ہم لوگ Reserved seats پہ آئے، پہلی دفعہ آئے، ہمیں بہت ساری چیزیں، ہم بہت اونچی سوچ لے کے آئے تھے کہ یہاں پہ عورتوں کا بڑا تقدس ہے اور بہت ہی اچھا Behaviour اور وہ Expect کرتے تھے مردوں سے بھی، عورتوں سے بھی، آج ایک بڑی Shame کی بات ہے کہ جس طریقے سے ہمارے اپوزیشن گروپ نے React کیا، (شور) عورت کا تقدس مجروح کیا اور صرف Publicity کیلئے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سید جعفر شاہ، پلیز۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔ اس کو بٹھائیں میڈم کو، میڈم کو بٹھائیں جی۔ (شور) بس کبنینہ کنہ۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم ملیحہ، پلیز آپ تشریف رکھیں جی۔ سید جعفر شاہ، پلیز۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، مجھے بہت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج میرا چھٹا سال ہے اس ایوان میں اور جو کچھ میں دیکھ رہا ہوں، یقیناً مجھے رونا آتا ہے کہ جس حالت سے آج ہم گزر رہے ہیں جناب سپیکر، لوگ خون کے آنسو بہا رہے ہیں، وہاں پہ اٹھارہ اٹھارہ افراد شہید ہو رہے ہیں ایک ایک گھر میں اور ہم یہاں پہ یہ ہے کہ جو آج کل Terminology ہے، مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ جو پی ٹی آئی کی Terminology ہے، اس Terminology کو ختم کریں، شرمناک اور شیم شیم اور شرمناک، یہ بہت گندے لفظ کا ابھی استعمال ہو رہا ہے یہاں پہ اس فورم میں۔ جناب والا، پختون خطہ جو پچھلے کئی سالوں سے اور پھر خصوصی طور پچھلے کئی دنوں سے، میں تو کہوں گا کہ پچھلے ایک ہفتے سے جن حالات سے مجرموں، ظالموں، قاتلوں، دہشت گردوں کا پولٹری فارم بن چکا ہے جناب سپیکر، آئے روز

برستے بارود انسانی اعضاء کے چیتھڑے اڑا رہے ہیں اور لوگ اس ایوان سے اور آپ سے پوچھتے ہیں، یہاں پہ جو بیٹھے ہوئے ہیں، جو کروڑوں عوام کے نمائندے ہیں کہ آج یہ لوگ فیصلہ کریں گے کہ ہم نے کیا لائحہ عمل اختیار کرنا ہے؟ جناب والا، آج انسانیت کی تذلیل ہو رہی ہے، آج پختون قوم کی تذلیل ہو رہی ہے، آج ہمارے عیسائی بھی پختون ہیں جو یہاں رہتے ہیں، ہندو بھی پختون ہیں اور سکھ بھی پختون ہیں جو یہاں پہ ہیں جناب والا، یہاں پہ ہر طرف بے گور وکفن لاشیں، میری بہنوں اور بچیوں کی سسکیاں، مسیحی ماؤں بہنوں، بیٹیوں کے ننگے سر آنچل کے منتظر ہیں جناب سپیکر اور ہم سے مطالبہ کرتے ہیں کہ یہ فورم آج ہمیں ایک لائحہ عمل دے گا، ہمیں ایک پروگرام دے گا کہ ہم نے آگے کیا کرنا ہے؟ جناب والا، جو واقعات ہوئے یکے بعد دیگرے، ایک اتوار سے لیکر دوسرے اتوار تک، جناب والا، بیچارے عوام، بچارے اس لئے کہ یہاں پہ ہم پختون، مسیحی پختون، ہندو پختون، مسلم یہ بیچارے عوام ہیں کیونکہ ہم یہاں رہتے ہیں اور ہم اس لئے بیچارے ہیں کہ ہم پختون ہیں۔ جناب والا، جو ہزارہ کے ہیں، وہ بھی پختون ہیں اور جو بٹگرام کے ہیں اور جو کوہستان کے ہیں، میں سب سے مخاطب ہوں۔ جناب والا، آج پختونخوا کی پوری قوم ایک مسیحا کے انتظار میں ہے کہ کب وہ مسیحا آئے گا اور ہمیں اندھیروں کے سفر سے روشنی کی طرف سفر کے آغاز کا ہمیں اشارہ دے گا اور ہمیں راستہ دکھائے گا؟ جناب والا، اگر کوئی ان جیسے واقعات میں کوئی مسیحا کسی شکل میں بھی جہاں جائے، چاہے میاں افتخار ہو، چاہے نگہت اور کزئی بی بی ہو تو اس کو خراج تحسین پیش کرنے کی بجائے اگر گالیاں دی جائیں تو مجھے یقیناً افسوس ہو گا اور پورے ایوان کو افسوس ہو گا۔ جناب والا، اگر یہی حال ہے تو میں تو سمجھتا ہوں کہ اللہ ہمارے اوپر رحم فرمائے اور ہمیں مزید آزمائشوں میں نہ ڈالے۔ جناب سپیکر، پختون اپنی بے بسی پر نوحہ کناں ہزاروں لوگ اس مٹی کی خاطر لہو کی قربانی دیکر جو اس کرسی پہ بیٹھے تھے، انہوں نے سر پہ گولیاں کھائیں اور وہ اس مٹی میں دفن ہیں، بشیر بلور کی صورت میں اور ہزاروں پختونوں کی صورت میں اس پورے صوبے میں۔ جناب والا، پختون قوم کو سمت کا پتہ نہیں ہے آج تک کہ ہم کس سمت میں جا رہے ہیں؟ اے پی سی ہو رہی ہے، پھر اے پی سی ہوئی اور ہمیں پتہ نہیں کہ لائحہ عمل کیا ہو گا؟ اے پی سی سے ہٹ کر باتیں ہو رہی ہیں کہ ابھی ہم چیف منسٹر ہاؤس میں ان کیلئے دفتر کھولیں گے، یہ کونسی سمت میں ہم جا رہے ہیں جناب سپیکر، کیا ہم سوچ نہیں سکتے کہ ہم کدھر جا رہے ہیں؟ جناب سپیکر، ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا ہے اور میں تو یہ کہتا ہوں جناب سپیکر کہ کوئی یہ بتانے کو بھی تیار نہیں ہے اس دھرتی پہ کہ وہ قاتل کی نشاندہی کرے۔ جناب والا، کوئی بھی مرض اس وقت تک لاعلاج ہوتا ہے جب تک

اس کی تشخیص نہ ہو لیکن جب مرض خود چیخ چیخ کر اپنی تشخیص خود کرے اور پھر بھی اس کا علاج نہ ہو، پھر بھی وہ مصلحتوں کا شکار ہو، اور چونکہ اس پہ ہم بضد ہوں تو مریض کا مرنے کے سوا اور کیا چارہ ہوتا ہے؟ وہ خود بخود مر جاتا ہے۔ جناب والا، اس سے یہ ظاہر ہے، دو باتیں ہیں کہ یا تو مسیحا نااہل ہے اور یا جان بوجھ کر نہیں کرنا چاہتا۔ یہ میری Commitment ہے اور یہ میرے اندر ضمیر کی آواز ہے کہ یا مسیحا نااہل ہے اور یا کرنا نہیں چاہتا۔ آج ہم سب کا فرض ہے اور مجھے یہ پوچھنے کا حق ہے، میرے محترم جناب سراج الحق صاحب یہاں تشریف فرما ہیں اور حکومت کے بڑے ہیں، سینیئر منسٹر صاحب ہیں، آپ کی وساطت سے میں ان سے گزارش کرتا ہوں کہ سراج صاحب! اس پورے فورم کی، اس پورے صوبے کی آواز ان ایوانوں تک پہنچنی چاہیئے کہ آج پختون کو اپنے خون ناحق کا اس طرح ندی نالیوں میں بہنے کا پوچھنے کا حق ہے اور وہ پوچھتے ہیں کہ ہم مزید خون بہنے کے متحمل نہیں ہو سکتے جناب سپیکر۔ جناب والا، آج میں اگر یہ کہوں کہ کبھی ٹاک شو میں اور کبھی اخباروں میں کہتے ہیں کہ 30 گروپ ہیں، 25 گروپ راضی ہیں لیکن پانچ گروپ ناراض ہیں، یہ کیا بات ہے؟ آج کہا جاتا ہے کہ یہاں پہ دفتر ہو گا، تو ٹھیک ہے ان کا رابطہ آفس ہو گا، وہ میرے آئین کو نہیں مانتے، وہ میری جمہوریت کو نہیں مانتے، وہ میری اسمبلی کو نہیں مانتے، وہ مجھے نہیں مانتے، وہ آپ کی کرسی کو نہیں مانتے جناب سپیکر، میں کس طرح یہ بات کر سکتا ہوں، کونسی سوچ ہے میری، یہ میں پوچھتا ہوں سراج صاحب سے اور میں یہ بھی پوچھتا ہوں کہ جس طرح بابک صاحب نے فرمایا کہ یہ جو آج کل Terminology ہے کہ کیا مقتدر قوتیں، فوجی اور سول جو ہماری سیاسی قیادت ہے، کیا وہ ایک Page پہ ہیں؟ آج میں اس اسمبلی میں حکومت کے چاروں مخلوط جو پارٹنرز ہیں، ان سے پوچھتا ہوں کہ کیا آپ اس میں ایک Page پہ ہیں کہ ان کا دفتر یہاں ہونا چاہیئے، یہ مجھے بتایا جائے؟ میں شہرام خان سے بھی پوچھتا ہوں، میں جناب محترم سراج الحق صاحب سے بھی پوچھتا ہوں، میں جناب سکندر شیرپاؤ صاحب سے بھی پوچھتا ہوں اور میں یہاں پہ شوکت یوسفزئی صاحب سے بھی پوچھتا ہوں کہ وہ ہمیں بتائیں کہ Are you on the same page, are you four on the same page today? یہ ہمیں بتانا ہو گا۔ جناب والا، بیرونی قوتیں، روزانہ ہم سنتے ہیں، بیشک ہونگی، کیوں نہیں ہونگی، اگر ہم اتنے کمزور ہیں تو ہونگی اور وہ فائدہ لیں گی۔ کیا ہم اتنے کمزور ہیں؟ کیا ہماری ایجنسیاں اتنی کمزور ہیں کہ ہم ان بیرونی ایجنٹوں کا آج پشاور جیسے شہر میں پتہ نہیں لگا سکتے، کیا ہم اتنے گرے ہوئے ہیں؟ یہ کیا بہانہ ہے، ان بہانوں سے جناب سپیکر، میرے خیال میں اس سے ابھی کام نہیں چلے گا۔ جناب سپیکر، ہم مزید

اس صوبے کو تجربہ گاہ بنانے کے متحمل نہیں ہو سکتے، بہت تجربے ہوئے پختونوں پہ، پچھلے 30 سالوں سے ہو رہے ہیں، We can not bear that more جناب سپیکر، یہ تجربے ابھی ختم ہونے چاہئیں۔ ہم تو دوسرے لوگوں کی فکر میں ہوتے ہیں، ہم تو دوسرے لوگوں کی فکر میں ہوتے ہیں کہ ہم لال قلعہ پہ پرچم لہرائیں گے، ہم روس کو آنکھیں دکھائیں گے، ہم امریکہ کے ساتھ لڑیں گے لیکن ہماری اپنی حالت یہ ہے کہ ہمیں اپنے عوام کی فکر نہیں ہے جو ایک ہفتے میں تین سو لاشیں گرتی ہیں اور لوگ ایک ایک خاندان کے اٹھارہ اٹھارہ لوگ جو پورا خاندان صفحہ ہستی سے مٹ جاتا ہے۔ جناب والا، ان چیزوں پہ ہم نے بہت ہی بہت ہی سنجیدگی سے سوچنا ہوگا اور اس فورم نے سوچنا ہوگا کیونکہ ہمیں اس لئے بھیجا گیا تھا کہ یہاں پہ چینج آئے گی، یہاں پہ تبدیلی آئے گی اور جو پچھلی حکومتیں تھیں، وہ نہیں لا سکیں تو ہم تین مہینے میں یہاں پہ تبدیلی ہوگی، یہاں پہ امن ہوگا، کیا وہ تبدیلی یہی ہے، کیا وہ امن یہی ہے؟ یہ میں پوچھتا ہوں جناب سراج الحق صاحب سے اور پوری حکومت سے۔ جناب والا! ایسا تو نہیں ہے کہ 'نیل کے ساحل سے لے کر تا بخاک کاشغر' ، اس نعرے کو Repeat کرتے کرتے ہم آدھا پاکستان تو گنوا چکے ہیں۔ جناب سپیکر، ایسا تو نہیں ہے کہ ہم یہ کہا کرتے تھے کہ ہم جامع مسجد کابل میں شکرانے کے نوافل ادا کریں گے، ضیاء الحق صاحب کہا کرتے تھے۔

(عشاء کی اذان)

<u>جناب جعفر شاہ:</u> محمد الرسول اللہ۔ اللہ ہم پر اپنا رحم فرمائے۔ جناب والا، تو ایسا ہوا کہ جو دعائیں کی جاتی تھیں کہ ہم کابل کی مسجد میں شکرانے کے نوافل ادا کریں گے، آج ہمارے تین سو بندوں کو شہید کر کے ازبک، تاجک، چیچین اسی شام جا کے وہاں پہ شکرانے کے نفل ادا کرتے ہیں اور وہاں پہ خوشیاں مناتے ہیں، یہ ہماری اس چیز کا ریزلٹ ہے۔ جناب والا، میں تو سمجھتا ہوں کہ جس حالت سے ہم گزر رہے ہیں، آج حکومت ہمیں بتائے، آج حکومت کو یہ بتانا ہوگا قوم کو کہ ہماری پالیسی کیا ہے؟ آل پارٹیز کانفرنس نے کورے کاغذ پہ، خالی کاغذ پہ دستخط کر کے اختیار دیا ہے، چاروں صوبوں کو اختیار دیا ہے اور مرکزی حکومت کو اختیار دیا ہے، آج پنجاب کی حکومت کا بیان آیا ہے کہ مذاکرات ہم نے شروع کئے ہیں تو میں حکومت سے یہ بھی پوچھتا ہوں کہ یہ حق پہنچتا ہے کیونکہ آگ یہاں پہ لگی ہوئی ہے شوکت صاحب! آپ کے صوبے میں لگی ہوئی ہے، ہم نے یہ پوچھنا ہے کہ یہ آگ مزید بڑھکے گی یا یہ آگ بجھ جائے گی؟ جناب والا! مجھے تو یہ لگتا ہے، مجھے بہت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے، مجھے حکومت نام کی چیز نظر نہیں آتی اس

صوبے میں، میں آپ کو اپنے ضمیر کی بات کہتا ہوں کہ مجھے حکومت نام کی چیز یہاں پہ آج کل، آپ دیکھیں بھتہ خوری کو، آپ دیکھیں جو لوگوں کو خطوط ملتے ہیں، جو دہشت گردی ہے، جو روزانہ صرف ایک ہفتے میں تین سولاشیں گرتی ہیں اور ہزاروں لوگ زخمی ہوتے ہیں، جناب والا، Writ کو قائم کرنا ہو گا، آج وہ لوگ آپ کی پشاور سٹی کے درمیان کس طرح آتے ہیں؟ اس پہ سوچنا ہو گا، اس پہ سنجیدگی سے سوچنا ہو گا اور اس کا قوم جواب مانگتی ہے، آج قوم ان دو دنوں کے انتظار میں ہے کہ ہمیں جواب دیں کہ یہ کیا ہو رہا ہے، اس صوبے کے ساتھ؟ جناب والا، میں سراج صاحب سے شوکت یوسفزئی صاحب سے، شہرام ترکئی صاحب سے اور جناب وزیر قانون صاحب سے یہ میرا سوال ہے کہ آج ہمیں بتایا جائے، آج وہ معصوم ہماری بچیاں، آج ہماری بہنیں، ہماری مائیں، ہمارے بھائی، ہمارے بزرگ، وہ ہم سے پوچھتے ہیں کہ جو لاکھوں لوگوں نے آپ پہ اعتماد کیا، آپ نے آج کیا فیصلہ کیا ہے؟ آج ہم نے فیصلہ کرنا ہے۔ جناب والا، میں بہت افسوس کرتا ہوں ان چاروں واقعات پہ، تینوں واقعات پہ جناب والا لیکن جو بات میرے بھائی عسکر پرویز نے کی، جو اس نے اپنا فلسفہ بتایا، جو عدم تشدد کے فلسفے پہ اس نے بات کی، میں اس کی اس تقریر پہ اس کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور یہ نہ سمجھیں کہ یہ کرسچین یا اقلیت ہیں، کرسچنز اقلیت ہیں، نہیں یہ پاکستانی عیسائی ہیں، یہ پختون عیسائی ہیں، They are Pakistani Christian, they are Pakhtun Christians, they are our brothers, they are our sisters, we are with them اور ہم نے ان کے ساتھ۔۔۔۔۔۔

جناب فریڈرک عظیم: مسیحی، مسیحی، مسیحی۔

جناب جعفر شاہ: مسیحی، مسیحی، پاکستانی مسیحی ہیں، تو یہ نہ سمجھیں، ہم ان کے ساتھ ہیں اور اس لئے یہ اجلاس ہم نے بلایا تھا کہ ان کے ساتھ اظہار یکجہتی کریں۔ جناب والا، میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم عظمیٰ خان، پلیز۔ میڈم عظمیٰ خان۔

جناب فریڈرک عظیم: جناب سپیکر! مجھے موقع دیں تاکہ میں بات کروں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: فریڈرک صاحب! اس کے بعد آپ کی باری ہے۔

جناب فریڈرک عظیم: سر، ہمارے لئے اجلاس بلایا گیا ہے، آپ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ تشریف رکھیں جی، اس کے بعد آپ کی باری ہے ان شاء اللہ، مہربانی کر کے ذرا ڈیکورم کا خیال رکھا کریں۔

محترمہ عظمیٰ خان: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! اسمبلی میں آج جو حالات دیکھنے میں آئے، اس پر تبصرہ کرنے سے پہلے میں تمام واقعات پر تھوڑا افسوس کرنا چاہوں گی۔ جناب سپیکر، جو بھی واقعہ ہو، چاہے وہ کوہاٹی چرچ کا ہو، چاہے وہ سیکرٹریٹ کے ملازمین کی بس پر ہو یا قصہ خوانی بازار میں ہو جناب سپیکر، ہم سب کیلئے دکھ برابر ہے کیونکہ اس میں شہید کوئی اور نہیں تھا، محب وطن پاکستانی تھے۔ جناب سپیکر، مجھے انتہائی افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ جس چیز کیلئے یہ واقعات کئے گئے، یہ سانحات کئے گئے، آج وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو گئے، ان کا مقصد ہمیں آپس میں لڑوانا تھا اور ہم لڑ رہے ہیں جناب سپیکر، ان کا مقصد پورا ہو گیا۔ جناب سپیکر، آج ٹریژری بنچز پر بیٹھے ہوئے اقلیت کے ایک ممبر کہتے ہیں کہ ان لوگوں کو، خود ایک اپوزیشن کی ممبر کے ریمارکس سننے پر اپنے ہوش انکے اڑ گئے اور وہ جوش سے کام لینے لگے لیکن جناب سپیکر، وہ ایک 132 لاشیں اٹھنے والوں کو ہوش سے کام لینے کا درس دے رہے ہیں۔ کیا وہ خود ایک ریمارکس پر خاموش نہیں رہ سکتے تھے؟ (تالیاں) ہونا تو یہ چاہیئے تھا جناب سپیکر، جناب سپیکر ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ حکومت تحمل سے ہمیں سنتی، ہم عوام کے مسائل لے کے آئے جناب سپیکر، مرنے والے کوئی اور نہیں تھے، ہم ہی میں سے ہیں جناب سپیکر اور مجھے یقین ہے کہ حکومت بھی اتنی غمزدہ ہے، جتنے ہم ہیں، تو جناب سپیکر ان کی ذمہ داری بنتی تھی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئی بہتر Proposal آپ پیش کریں جی، بہتر ہو گا کیونکہ سپیچز تو بہت ہو گئی ہیں۔

محترمہ عظمیٰ خان: جناب سپیکر! میں Suggestion دینا چاہوں گی، جناب سپیکر، کوئی وی آئی پی یا وی وی آئی پی ہاسپٹلز کے وزٹس کرتے ہیں، جناب سپیکر! سیکرٹری ہیلتھ سے لیکر چیف ایگزیکٹیو اور ایم ایس سارے ان کے پیچھے پیچھے ان کو پروٹوکول دیتے ہیں۔ جناب سپیکر، یہ رولنگ دیں کہ جو بھی ہاسپٹل کا وزٹ کرے گا، اس کے ساتھ ہیلتھ منسٹر صاحب ہونگے اور متعلقہ وارڈ کا ہیڈ ہو گا۔ جناب سپیکر، ایڈمنسٹریشن کو کام کرنے دیں، ہاسپٹلز 'اوور برڈن' ہو گئے ہیں اور وہ لوگ پروٹوکول دینے میں مصروف ہیں۔ مریضوں کو کون میڈیسن Provide کرے، ان کی Treatment کرے جناب سپیکر؟ جناب سپیکر، میں ایک اور Suggestion دینا چاہونگی کہ پشاور جیسے اس بڑے علاقے میں ایک میگا ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ ہونا چاہیے جو ہاسپٹلز سے الگ ہو جس میں At a time چار سو سے پانچ سو مریضوں کو Treat کرنے کا سسٹم ہو جناب سپیکر، اس کیلئے ڈاکٹرز کی Quick Response Team بنائی جائے، اس کی اپنی ایمبولینسز ہونی چاہئیں اور انہیں ڈاکٹرز کو بغیر اطلاع کے انتظار کئے سانحے کے بعد وہاں پہنچنی چاہیے جناب سپیکر،

کیونکہ ہاسپٹلز میں Elective cases بھی ہوتے ہیں، آپ آج جا کر دیکھیں ایل آر ایچ میں جو نارمل او ٹی کے Days تھے جناب سپیکر، سارے Patients کو پیچھے کر کے صرف Emergency patients کو Treat کیا جا رہا ہے تو میری یہی Suggestion ہے جناب سپیکر، آپ ان کو الگ ایک ڈیپارٹمنٹ دیدیں ایمر جنسی کا۔ جناب سپیکر، میں حکومت سے ایک اور مطالبہ کرنا چاہتی ہوں کہ جب یہ اقتدار میں نہیں آئے تھے تو تحریک انصاف کے سر براہ بہت زور و شور سے کہا کرتے تھے، انہوں نے اے پی سی میں بھی یہ کہا تھا کہ مجھے دو سوالوں کے جواب دیئے جائیں کہ کیا ڈرون حملے کرنے والوں کے ساتھ پاکستان کی قیادت کا کوئی معاہدہ ہے؟ پاکستان کے حالات خراب کرنے والوں کو فنڈنگ کہاں سے کی جاتی ہے؟ ان دو سوالوں کے جناب سپیکر، جوابات ان کو مل چکے ہیں۔ انہوں نے آئی ایس آئی چیف سے ملاقات کی ہے، انہوں نے چیف آف آرمی سٹاف سے ملاقات کی ہے، جواب سننے کے بعد وہ خود تو مطمئن ہو گئے جناب سپیکر، ہمیں بھی بتایا جائے اس اسمبلی میں کہ ڈرون حملوں کا کس نے معاہدہ کیا ہے؟ (تالیاں) اور جناب سپیکر، کون فنڈنگ کر رہا ہے؟ ایک طرف Right to Information Bill لایا جا رہا ہے، دوسری طرف ہم سے انفارمیشن چھپائی جا رہی ہے اور میری یہ گزارش ہے کہ کل ہی اس اسمبلی میں ہمیں ان دو سوالات کے جواب دیئے جائیں۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> شکریہ۔ فریڈرک عظیم صاحب، فریڈرک عظیم صاحب، پلیز، وہ بالکل جھگڑا کرتے ہیں، فریڈرک صاحب خفا ہیں، بہت ناراض ہیں، Excuse me, ji

<u>جناب فریڈرک عظیم:</u> تھینک یو، سپیکر صاحب۔ میں شکر گزار ہوں آپ سب کا کہ آپ نے اظہار ہمدردی کیلئے یہ اجلاس طلب کیا۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ آل سینٹ چرچ کوہاٹ گیٹ، جہاں پر یہ دھماکہ ہوا، یہ مقدس ین کا چرچ ہے جو 1883ء میں بنا اور جب اس پر صلیب لٹکائی جا رہی تھی تو اس وقت بھی نو مسیحی شہید ہوئے اور آج انہوں نے 22 ستمبر کو یہ ثابت کر دیا ہے کہ مقدس ین کا چرچ ہے۔ مجھے نہایت افسوس سے یہ بات کہنا پڑتی ہے کہ ہم بہت پرامن شہری ہیں، ہمارا کیا قصور ہے، ہمارے بچوں کا کیا قصور ہے؟ یہ اس کا جواب مجھے کوئی بھی نہیں دے سکتا۔ چھوٹے چھوٹے بچے، خواتین بزرگوں کو کس بات کی سزا دی گئی ہے؟ یہ اتنا بڑا سانحہ Security lapse کی وجہ سے ہوا ہے۔ ہفتے میں دو گھنٹے کیلئے چرچ ہوتا ہے، سنڈے کو، تو جناب والا، آپ ادھر دیکھیں کہ دو پولیس والے ہوتے ہیں، کیا ہم پاکستانی نہیں ہیں، کیا ہمارے لئے سیکورٹی کا انتظام نہیں ہو سکتا؟ صرف دو پولیس والے ہوتے ہیں۔ اس کیلئے میں آپ سے یہ گزارش کروں

گا کیونکہ جناب فنانس منسٹر صاحب نے بڑی اچھی بات کی کہ آپ Suggestion دیں، میں آپ کو یہ Suggestion دے رہا ہوں جناب، کہ ہمارے چرچ کے ارد گرد آر سی سی دیوار کھڑی کی جائے جیسے کہ تھانوں میں، پولیٹکل ایجنٹ کے آفسز میں یا دیگر جگہ پر کی جاتی ہے، ہمیں تحفظ فراہم کیا جائے اور ہمارے 'چرچز' کے ارد گرد، مساجد کے ارد گرد، مندروں کے ارد گرد، Worship places جہاں پر بھی ہیں، انہیں تحفظ فراہم کیا جائے تاکہ ایسے سانحے پھر رونما نہ ہوں۔ میں تو یہ Suggest کروں گا جناب سپیکر صاحب کہ اگر ہمیں سنڈے کو دو گھنٹے کیلئے ایف سی اگر Provide کر دی جائے تو بڑی مہربانی ہو گی آپ کی۔ میں ہاسپٹل کی طرف آؤں گا، میری بہن نے بڑی لمبی چوڑی بات کی، نگہت اور کزئی نے، میں اس کو Appreciate کرتا ہوں، چھ گھنٹے کے بعد وہاں پر قیادت آئی، اگر میرے بچوں کو، میرے بزرگوں کو، میری ماؤں، میری بہنوں کو بروقت Treatment مل جاتی، Medical treatment تو بہت سی جانیں سر بچ سکتی تھیں لیکن ایسا نہ ہوا۔ اے این پی کی حکومت نے بیٹی ملالہ کیلئے فوری انتظامات کر کے اسے بچا لیا لیکن میری بہت سی ملالائیں اس وقت تڑپ رہی ہیں، ان کا کوئی پرسان حال نہیں اور کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ ادھر ہیلتھ منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں ہیلتھ منسٹر صاحب کے پاس گیا، میرے ساتھ میرے تین ساتھی بھی تھے، میری وہاں پر بڑی Insult ہو گئی، میں تین گھنٹے وہاں پر بیٹھا رہا، میرے ساتھ ہیلتھ منسٹر صاحب Commitment کر کے میرے ساتھ ہاسپٹل نہیں گئے تو یہ کیا ہماری کوئی Respect نہیں ہے یہاں پر، ہماری کوئی عزت نہیں ہے؟ آخر میں بھی ممبر صوبائی اسمبلی ہوں، جب منسٹر صاحب آتے ہیں تو مریضوں کے Attendants ہوتے ہیں، ان کو باہر نکال دیا جاتا ہے جناب والا۔ میں آپ سے اس فلور سے یہ بات کروں گا کہ جو میرے سیریس مریض پڑے ہوئے ہیں، کوئی کہاں جا رہا ہے، اپنی مرضی سے جا رہے ہیں کیونکہ وہاں پر ان کو Treatment نہیں مل رہی، وہ جا رہے ہیں، کوئی کونسے ہاسپٹل میں، کوئی کونسے، میری قیادت آئی تھی، میاں نواز شریف صاحب نے وہاں سے پیغام دیا کہ اگر کوئی Patient ایسا ہے کہ اس کو بیرون ملک بھجوانا ہے تو ہم بھجوائیں گے۔ ریلوے منسٹر آئے، منسٹر فار مینارٹی آفیئرز آئے، کامران مائیکل آئے، ہیلتھ منسٹر پنجاب آئے، انہوں نے کھلی 'آفر' دی ہے لیکن ہسپتال کی انتظامیہ جو ہے نا، وہ شاید اپنی بے عزتی سمجھتی ہے، ہمارے بچے مر جائیں خیر ہے لیکن وہ اس کو اپنی بے عزتی سمجھ رہی ہے کہ اگر ہم یہاں سے اٹھا کر مریض پنجاب بھیج دیں یا کہیں اور جگہ پر بھیجیں، یہ ہماری Insult ہے، نہیں یہ Insult نہیں ہے، میرے بچوں کو بچاؤ، ہمارے مریضوں کو بچائیں آپ،

ہیلتھ منسٹر صاحب! میں نے آپ سے کتنی دفعہ ریکویسٹ کی، آپ کے ساتھ ساتھ میں رہا، میں گا ہے بگاہے آپ کو ریکویسٹ کرتا رہا لیکن 122 جانیں تھیں جو میرے مسیحی شہید ہو گئے اور 146 جو ہیں، وہ زخمی ہو گئے۔ اب میں اس کا حساب کس سے مانگوں، آپ مجھے بتائیں میں اس کا حساب کس سے مانگوں؟ لوگ ہمیں پوچھتے ہیں، لوگ ہمیں پوچھتے ہیں کہ آپ ادھر بیٹھ کر کیا کر رہے ہو کہ آپ کی یہاں پر کوئی بات ہی نہیں مانی جاتی؟ تو جب ہماری بات ہی نہیں مانی جاتی تو ہمیں یہاں پر بیٹھنے کا پھر کیا فائدہ ہے، آپ یہ بتائیں مجھے؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> شکریہ جی۔

<u>جناب فریڈرک عظیم:</u> نہیں سر، آج ہمارا دن ہے، آپ ہمیں، یہ آج ادھر Commitment کروائیں گے کہ اگر اس کے بعد، اور یہ میں اس ہاؤس میں اعلان کر رہا ہوں، اگر میرا ایک بھی مریض، میرا ایک بھی بچہ، ایک بیٹا، بیٹی، اگر اس کی Death ہوئی تو میرا دعویٰ جو ہے تو صوبائی حکومت پر ہو گا۔

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی شوکت یوسفزئی صاحب، پلیز۔

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر صحت):</u> اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ سب سے پہلے تو جناب سپیکر، جو چرچ کا واقعہ ہوا، اس پہ دلی افسوس بھی، جو دوسرے واقعات ہوئے، خیبر بازار والا، قصہ خوانی والا، بس والا، ان سب کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں اور ان کے خاندانوں کے ساتھ۔۔۔۔۔

<u>جناب فضل الہیٰ:</u> جناب، دا دې اچیني پايان والا چې کوم دے۔۔۔۔۔

<u>وزیر صحت:</u> اچینی بالا، سارے جتنے بھی واقعات ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب فضل الہیٰ:</u> ده په ریکارډ باندې خبره را نوسټله څکه چه هغه زما۔۔۔۔۔

<u>وزیر صحت:</u> جتنے بھی واقعات ہوئے ہیں، ان سب کی ہم مذمت کرتے ہیں، صوبائی حکومت کی طرف سے اور افسوس بھی ہے اور جو ہمارے مسیحی بھائی، عسکر صاحب نے جو باتیں اٹھائی ہیں، میرے خیال سے یہ جب بھی اس طرح کے واقعات ہوتے ہیں، واقعی دلخراش ہوتے ہیں اور اس وقت میرے خیال سے اگر کوئی پاکستانی ہو، کوئی انسان ہو تو سب کا دل دکھے گا اور وہ میرے خیال سے یہ نہیں کہ ہم ان کو اکیلا چھوڑیں، ہمارا بھی دل دکھا ہے اور بد قسمتی ہماری یہ ہے کہ ہم دس سالوں سے یہ دیکھ رہے ہیں، یہ سلسلہ چلا آ رہا ہے

اور اس میں یہ نہیں دیکھا جا رہا ہے کہ یہ مولوی یا ایک عام آدمی ہے یا دکاندار ہے یا کوئی پارلیمانی ممبر ہے، سب کو نشانہ بنایا جا تا رہا ہے اور جناب سپیکر، میں تھوڑی سی اپنی وضاحت کر لوں اس کے بعد میں دوسری باتیں، اگر موقع ملا تو کر لیتا ہوں۔ ہاسپٹل کے حوالے سے میرے جو دوستوں نے جو اعتراضات اٹھائے ہیں کہ جی اس میں کمی ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہمارے ہاسپٹلز اس طرح نہیں ہیں جو باہر کی دنیا میں ہوتے ہیں، ہمارے ہاسپٹلز کی وہ Capacity نہیں ہوتی ہے اور یہ صرف میں پشاور کی بات نہیں کر رہا ہوں، یہ اس لئے کہ ہم نے 67 سالوں میں ہسپتالوں کو ہم نے Priority پہ رکھا ہی نہیں ہے۔ تعلیم اور صحت، یہ تو ہماری سب سے آخری Priority ہوتی رہی ہے جس کی وجہ سے آج میرے جو اپوزیشن کے دوست ہیں جو وہاں بیٹھے ہیں، جو حکومت میں رہے ہیں پانچ پانچ سال، وہ بھی آج کہہ رہے ہیں کہ جی ہسپتالوں میں کچھ نہیں ہے، یہ سوال تو مجھے کرنا چاہیے تھا، جب سے میں نے سنبھالا ہے (تالیاں) نہیں نہیں، جب سے میں نے سنبھالا ہے کہیں پہ ڈاکٹر پورے نہیں ہیں۔ کہیں پہ ٹیکنیشنز نہیں ہیں جس کی وجہ سے ہمارے ایکسرے مشینوں، ایم آر آئی، سٹی سکین، الٹراساؤنڈ، سب کو تالے لگے ہوئے ہیں۔ ڈاکٹرز کی Shortage، ٹیکنیشنز کی Shortage، نرسز کی Shortage، تو یہ وہ چیزیں ہیں جن سے ہاسپٹلز چلتے ہیں۔ اس وقت چار مہینوں میں میں یہی کام کر سکتا تھا کہ میں ان کو پورا کرنے کی کوشش کر رہا ہوں، ان چار مہینوں میں بلکہ چوتھا مہینہ شروع ہے، اس میں بلڈنگز نہیں بنا سکتا تھا اس لئے کہ بلڈنگز تو ظاہر ہے بہت ساری بلڈنگیں بنائی گئیں، اس پہ زور دیا جاتا رہا ماضی میں، اس لئے کہ اس میں کچھ کمیشن مل سکتا تھا، اس میں کوئی کرپشن ہو سکتی تھی، ہم بلڈنگوں پہ توجہ نہیں دے رہے ہیں اس وقت، ہم توجہ دے رہے ہیں جو Existing hospitals ہیں، ان کی کمی کو پورا کریں اور وہ ان شاء اللہ تعالیٰ میں آن دی فلور آف دی ہاؤس یہ بات کرتا ہوں کہ ہم نے پانچ سو ڈاکٹر لیے ہیں ایک مہینے میں، ہم نے ساڑھے پانچ سو نرسز بھرتی کر لی ہیں (تالیاں) ہم ٹیکنیشنز بھرتی کر رہے ہیں، پورے صوبے میں ٹیکنیشنز کی بھرتی شروع ہے اور ایک مہینے کے اندر اندر ایم آر آئی، سی ٹی سکین مشینیں جو خیرات میں ملی ہیں ہمیں، جن کو تالے پڑے ہوئے ہیں، وہ ان شاء اللہ کھل جائیں گے اور جو Burden اس وقت پشاور پر ہے، جو سہولت اس وقت پشاور کے ہاسپٹلز میں ہے، میں چاہونگا کہ وہی سی ٹی سکین، وہی ایم آر آئی چترال اور کوہستان اور ڈی آئی خان میں بھی ہو تاکہ وہاں سے لوگ یہاں نہ آئیں۔ یہ تو بدقسمتی ہے کہ جو ماضی میں ہم نے پچھلی حکومتیں کی ہیں، ہم نے کچھ نہیں کیا لیکن آج ہم تنقید ضرور کر رہے ہیں۔ میں اپنے بھائی عسکر

صاحب اور غوری صاحب کا میں مشکور ہوں کہ بار بار وہ کہہ رہے ہیں کہ جی ہمیں کچھ نہیں ملا، دیکھیں جب دھماکہ ہوا چرچ میں تو اس وقت ساری لیڈر شپ ہماری سنٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے اجلاس میں اسلام آباد میں بیٹھی تھی، ساڑھے بارہ بجے جو نہی اطلاع ملی فرسٹ، اس کے بعد ہم ایک منٹ بھی وہاں نہیں رکے ہیں اور پونے تین یا ڈھائی بجے میں ہاسپٹل کے اندر موجود تھا اور میری بہن جو میری بہت اچھی Colleague بھی رہی ہیں، نگہت اورکزئی صاحبہ، وہ کہتی ہیں کہ جی چھ بجے تک کوئی نہیں تھا لیکن آپ تو سب سے پہلے پہنچی تھیں نا، آپ کو جب نہیں چھوڑا، اسرار گنڈا پور آپ کے سامنے آگیا، آپ نے خود کہا ہے کہ اسرار نے مجھے کہا کہ جی آپ آ جائیں، تو اس کا مطلب ہے کہ اسرار گنڈا پور پہنچ چکا تھا، وہ بھی منسٹر تھا، (قطع کلامی) چلو ٹھیک ہے، دیکھیں میں گارنٹی کرتا ہوں ان شاء اللہ تعالیٰ کہ ہاسپٹل کے اندر، یہ جتنے بھی بڑے بڑے دھماکے ہوئے اس میں آپ دیکھیں کہ ڈاکٹروں کی Shortage ہم نے نہیں آنے دی ہے، اتوار کے دن بھی ساڑھے تین گھنٹوں میں 216 لوگوں کو لایا گیا، جتنی بری کنڈیشن میں تھے بیچارے سارے، ان 216 لوگوں کو ساڑھے تین گھنٹوں میں Manage کیا گیا۔ آپ دنیا کے کسی بھی ہاسپٹل میں چلے جائیں، اتنی Huge casualties، اتنے بڑے پیمانے پر لوگوں کو لایا جائے تو اس پہ اتنا ہی لگتا ہے، یہ بات کہنا، ہر دفعہ ہر میڈیا پہ میں سنتا رہتا ہوں، بڑا دل دکھتا ہے اس لئے کہ میں تین دن خود ہاسپٹل میں رہا۔ جن وارڈز کی یہ بات کر رہے ہیں، میرے خیال میں یہاں بہت سارے لوگ ہونگے جنہوں نے خود آ کے دیکھا ہے، وزیر داخلہ صاحب آئے ہیں اور بشپ صاحب یہاں پر بیٹھے ہیں، میں انہیں ویلکم کرتا ہوں اور بشپ صاحب نے خود میڈیا کے سامنے میرے پاس اس کا ریکارڈ بھی ہوگا، انہوں نے کہا کہ جی بہترین علاج ہو رہا ہے اور وزیر داخلہ نے اور اپوزیشن لیڈر خورشید شاہ صاحب نے قومی اسمبلی کے اندر جا کر انہوں نے کہا کہ بہترین علاج ہو رہا ہے تو اس میں صرف یہ کہنا، یہاں پر تو تنقید، بیشک تنقید کریں، تنقید سے ہم نہیں گھبرائیں گے، میں آج سپیکر صاحب سے ریکویسٹ کرونگا کیونکہ یہ ہم سب کا صوبہ ہے، اس میں ہم سیاست نہیں کرینگے لاشوں پر، یہ جو دھماکے ہوتے ہیں، اس پہ ہمیں سیاست نہیں کرنی چاہیے، اس میں ہمیں Facilitate کرنا چاہیے، جو اسمبلی ممبر اگر ہاسپٹل جاتا ہے تو اس کا اتنا ہی حق ہے اس لئے کہ اس کو عوام نے منتخب کیا ہے، اس میں ہم اپوزیشن اور گورنمنٹ کو نہیں مخاطب کرینگے، ہم سب کا فرض بنتا ہے کہ ہم سب اس کو Facilitate کریں۔ میں سپیکر صاحب، آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ آپ بیشک اس پہ پارلیمانی پارٹیز کی، آپ کی سربراہی میں کمیٹی بنائی جائے، آپ Assist کریں ہاسپٹلز کو، اس کو باقاعدہ

Investigate کریں، کہیں بھی کوتاہی ہوئی ہے، آپ Suggestion دیں، ان شاء اللہ اس کو دور کرنے کی کوشش کرونگا (تالیاں) اس پہ کوئی سیاست نہیں کرنی ہے۔ خود میری ساری فیملی ہمیشہ سے ہم پرائیویٹ کی جگہ سرکاری ہاسپٹلز میں آتے رہے، علاج کرتے رہے، آج بھی، میرے والد، میرے سارے بچے سرکاری ہسپتالوں میں علاج کرتے ہیں اور میں چاہونگا کہ اگر میں کل وزیر نہ رہوں تو کم از کم اس کو اس قابل بناؤں کہ وہاں پر ہمارا عام لوگوں کا، ہم سب کا علاج ایک جیسا ہو (تالیاں) بہت ساری باتیں ہیں جی لیکن آپ یہاں دیکھیں کہ ہمارے لوگ یہ کہتے ہیں جی کہ سیکورٹی فراہم نہیں کی گئی، بیشک ہو سکتا ہے، Security lapse بھی ہو سکتا ہے لیکن جن حالات سے ہم گزر رہے ہیں جناب سپیکر، مشکل دور ہے، یہ جو دس سال میں جو بیج بویا گیا ہے، وہ اب ہمیں سامنے نظر آ رہا ہے اور اس کو ختم کرنے کیلئے پوری قوم کو ملکر ایک Decision لینا ہوگا۔ آج بڑی تنقید ہو رہی ہے کہ جی اے پی سی میں یہ ہوا تھا اور فلاں نے یہ کہا، آپ مجھے بتائیں اے پی سی میں کیا ہوا تھا؟ جس لیڈر شپ نے اے پی سی میں دستخط کئے، اس میں کیا تھا؟ اس میں یہی بات تھی کہ مذاکرات ہونگے، آپ مجھے بتائیں کہ کیا اس پہ عمل ہو چکا ہے، وہ مذاکرات شروع ہو چکے ہیں؟ ہمیں تو نہیں پتہ، تو پہلے سے ہم کہہ دیتے ہیں کہ جی ناکام ہو گئے، یہ تھوڑا سا Attitude ہمیں اپنا درست کرنا پڑیگا۔ یہ صوبہ دس سالوں سے متاثر ہوا ہے، دس سالوں سے جو جنگ چل رہی ہے، کیا اس کو کسی نے روکا ہے ابھی تک؟ ہم تو کہتے ہیں کہ جی امن لائیں اور امن کیلئے آپ کونسا راستہ تجویز کرتے ہیں؟ بجائے اس کے کہ آپ اٹھ کر ہاتھ اوپر کر کے لڑائیاں شروع کریں اسمبلی کے اندر اور پوری دنیا ہم پہ ہنسے، جس مقصد کیلئے ہم نے اجلاس بلایا ہے، یہ واقعی جرگہ ہے، یہ پورے صوبے کا جرگہ ہے اور اس صوبے کے جرگے کو سنجیدہ ہو کر اور سر جوڑ کر، بیٹھ کر اس صوبے کے حالات کو درست کرنے کا سوچا جائے۔ یہ کسی ایک حکومت کا ایشو نہیں ہے جناب سپیکر، اس میں بہت ساری اسمبلیاں گزر چکی ہیں، یہ جو ایشو ہے، یہ ہمارے پورے صوبے کا ایشو ہے اور اس میں ساری پارٹیوں کو اپنا Contribute کرنا پڑیگا، یہ نہیں کہ ہم یہ کہیں کہ جی یہ وفاق کا مسئلہ ہے اور وفاق کہے کہ یہ صوبے کا مسئلہ ہے، یہ حکومتوں کا مسئلہ نہیں ہے سر، اس میں ہمارے بے گناہ لوگ مر رہے ہیں، اس میں آج ہماری جو مسیحی برادری ہے، ان کا کیا قصور تھا؟ سب سے زیادہ پاکستان کی خدمت کرنے والے یہ لوگ ہیں، سب سے زیادہ پاکستانی ہیں، تو میں یہ عرض کرتا ہوں جناب سپیکر کہ آج اگر ان کو نشانہ بنایا گیا تو ان کا کیا قصور تھا؟ صرف یہ قصور ہے کہ وہ پاکستانی ہیں، اچھے پاکستانی ہیں اور اس طرح کا اقدام کر کے پاکستان کو دنیا میں رسوا

کرنا ہوگا، اس چیز کو ہم نے روکنا ہوگا۔ اگر آج ہم صرف ایک دوسرے پہ الزام تراشی کرتے رہے تو اس سے کام نہیں بنے گا کہ جی ہسپتالوں میں دوائیاں نہیں ہیں، میں آج آپ کو یہ چیلنج کرتا ہوں کہ جو لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ ہاسپٹل کے اندر سرکاری دوائی نہیں ملی، مجھے بتایا جائے جو سزا مجھے ملے میں اس کیلئے تیار ہوں اس لئے کہ میں خود وہاں موجود تھا اور اگر سی ایم ایچ میں کسی نے ان کے ساتھ وہ نہیں کیا ہے تو چونکہ سی ایم ایچ ہمارے انڈر نہیں ہے لیکن ایسے موقعوں پر ہم سب کو، چاہے وہ سی ایم ایچ ہو، چاہے ایچ ایم سی ہو، چاہے سرکاری ہو، چاہے پرائیویٹ ہو، ہمیں انسان کے ناطے پہ سوچنا پڑیگا، اس پہ میں بالکل آپ کے ساتھ ہوں اور ہمارے لئے سارے ملالہ ہیں، یہ ایک ملالہ کی بات نہیں ہے، ہمارے لئے سارے ملالہ ہیں اور خاص طور پر میں مسیحی برادری کی بات کرونگا۔ یہ جو اس طرح بچوں کے کپڑے اٹھا کے لوگوں کو بتانا، دکھانا، یہ میرے خیال سے بہت ہی افسوسناک بات ہے اس لئے کہ ہم یہ کیا کلچر دکھارہے ہیں، کیا یہ پہلا واقعہ ہے؟ اب تک 211 دھماکے ہوئے ہیں اور 208 دھماکے اس سے پہلے ہوئے ہیں، تو یہ جو۔۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی</u>: یہ کپڑے اس لئے دکھارہی ہوں تاکہ آپ لوگوں کو ہوش آجائے کیونکہ۔۔۔۔۔

<u>وزیر صحت</u>: جی جی، آپ بیٹھیں، آپ بیٹھ جائیں، پلیز۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی</u>: اسی لئے ہم یہ دکھارہے ہیں، جن پہ گزر رہی ہے انہی کو پتہ ہے، آپ کو کیا پتہ ہے؟

(شور اور قطع کلامیاں)

<u>وزیر صحت</u>: آپ بیٹھ جائیں، آپ پلیز بیٹھ جائیں۔

(شور)

<u>محترمہ نگہت اورکزئی</u>: یہ تو وہی جانتے ہیں جو یہ دکھ رکھتے ہوں۔

<u>وزیر صحت</u>: مجھے پتہ ہے کہ آپ کتنا دکھ رکھتی ہیں، کتنا درد رکھتی ہیں؟ پلیز، آپ بیٹھ جائیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ! پلیز۔

<u>وزیر صحت</u>: مجھے پتہ ہے، مجھے پتہ ہے، میں جانتا ہوں۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی</u>: کتنے بے گناہ وہ ہوئے؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: پلیز، پلیز۔

وزیر صحت: جناب سپیکر! یہ میرے بھائیوں نے کہا ہے کہ جی کچھ لوگوں کو تین دن بعد PIMS شفٹ کیا گیا۔ دیکھو حقیقت کو، مجھے یہ نہیں کہ میں کوئی سکورنگ کرنا چاہتا ہوں، دیکھیں یہ ہمارے بچے تھے اور آپ یقین کریں مجھے رونا آیا تھا اس دن، یہ رات کا وقت تھا، مجھے ڈاکٹروں نے کہا کہ جی ہمارے پاس، یہ ڈاکٹر روغانی صاحبہ ہمارے ساتھ بیٹھی ہیں، انہوں نے کہا کہ ان بچوں کو ہم نے رکھا ہوا ہے لیکن ہمارے پاس چونکہ Burn Unit نہیں ہے، اب یہ Burn Unit آپ مجھے بتائیں کہ میں تین مہینوں میں Burn Unit بنا لیتا، یہ Burn Unit تو دس سالوں سے جو دھماکے ہو رہے ہیں، یہ کیا ان کو سوچ نہیں آئی کہ ہمیں Burn Unit چاہیے؟ یا جو پچھلے دھماکے ہوئے ہیں (تالیاں) نہیں اس میں کوئی نمبر بنانے کی بات میں نہیں کر رہا ہوں لیکن میں یہ کہہ رہا ہوں کہ جو ہمارے صوبے کی ضروریات ہیں، وہ ہمیں پہلے بھی سوچنا چاہیے تھا۔ جناب سپیکر، رات کو جب مجھے پتہ چلا، میں نے اسی رات کو آرڈر کیا اور میں نے کہا کہ کہاں ان کا بہترین علاج ہو سکتا ہے؟ تو دو جگہیں تھیں، سی ایم ایچ واہ اور PIMS، تو مجھے یہ بتایا گیا کہ سب سے بہترین جو Well equipped unit بنایا گیا ہے، وہ PIMS ہے۔ تو جناب سپیکر، میں نے ریکویسٹ کی ان سے اور میں مشکور ہوں 'پمز' انتظامیہ کا کہ انہوں نے ہمیں تین بیڈز Provide کیے جبکہ ان کے پاس جگہ نہیں تھی اور ہم نے اگلی صبح فوراً ان کو شفٹ کیا ہے وہاں پہ، اپنا سٹاف بھیجا ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ ان کا سارا جتنا بھی خرچہ ہوگا، وہ صوبائی حکومت برداشت کریگی اور میں غوری صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ جتنے بھی بم دھماکے کے زخمی تھے، یہ میں نے On the spot وہاں بھی کہا تھا اور اس فلور پر بھی میں کہتا ہوں اس ہاؤس کے کہ ان کی V.V.I.P treatment ہو گی ان شاء اللہ، اس میں کوئی کمی نہیں ہو گی۔ آپ مجھے بتائیں، کہاں ان کی کمی ہے؟ (تالیاں) کیا ان کو ضرورت ہے؟ آپ مجھے پیچھے نہیں پائیں گے، یہ صرف تنقید نہ کریں، آپ آئیں مجھے بتائیں کہ یہ Patient ہے، اس کو اس میڈیسن کی ضرورت ہے، چاہے وہ لاکھوں کروڑوں کی ہے، ان شاء اللہ ہم Provide کریں گے، یہ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں اس فلور پہ (تالیاں) اور جناب سپیکر، تھوڑا سا میں ایک عرض کروں (قطع کلامی) کہ یہ جو ڈاکٹرز صاحبان ہیں، دیکھیں یہ جو دس سالوں سے ہم دیکھ رہے ہیں کہ جس طریقے سے، (محترمہ نگہت اورکزئی، خاتون رکن اسمبلی کا ہنسنا) میرے خیال میں ہنسنے کی بات نہیں ہے، اگر آپ ہنستے رہیں گے تو جس طریقے سے آپ نے سپیچز کیں پھاڑ پھاڑ کے، تو اب آپ ہنسیں مت پلیز، لوگوں کا دل رو رہا ہے اور آپ ہنس رہے ہیں۔ میں نے کونسی ایسی بات کی جس پہ آپ

ہنس رہے ہیں (شور) آپ ہنسیں نہ نگہت اور کزئی صاحبہ، آپ نے میڈیا پہ خبر بنانے کیلئے بڑی بڑی چیخیں ماریں، اب بات سن لیں، ہنسو مت، (قطع کلامیاں) آپ ہنسیں مت، پلیز۔ جناب سپیکر، جس طرح میرے بھائیوں نے، غوری صاحب نے، عسکر صاحب نے غلط پوائنٹ اٹھایا ہے جو چرچ کی بات کی انہوں نے، ان کی سیکورٹی کی بات کی ہے، ان شاء اللہ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آج ہی سی ایم صاحب نے اس کا کیا ہے کہ جتنے بھی سیکورٹی ایشوز ہونگے، ان شاء اللہ تعالیٰ اس پہ اب کمیٹی بن گئی ہے اور سب سے پہلے یہ کہ اس میں آپ کا جو بائیو میٹرک سسٹم ہے، اس پر وہ بھی ہم لگا رہے ہیں کہ صرف آپ کے ممبر زوہاں پر آسکیں گے، (تالیاں) باہر کا کوئی نہیں آسکے گا، یہ بھی ہم کر رہے ہیں ان شاء اللہ تعالیٰ اور آپ کی مشاورت سے بشپ صاحب اور جتنے بھی آپ کی کمیونٹی کے لوگ ہونگے، ان کی مشاورت کے ساتھ ان شاء اللہ یہ کرینگے اور جناب سپیکر، آج بھی اخباروں میں آیا ہوا ہے، آپ کو پتہ ہے کہ سیکورٹی جو ہے، اس حوالے سے وہ ٹاسک فورس بھی بن چکی ہے اور پشاور کو چار زون میں بھی تقسیم کر دیا گیا ہے اور اس کے علاوہ ہمارے پورے صوبے میں، صوبے کی سطح پر ایک الگ ٹاسک فورس بنائی جا رہی ہے، اس میں یہ ہوگا کہ ہمارے انٹیلی جنس ادارے، پولیس، آرمی، ایف سی، یہ ہم سب ملکر کام کریں جو اس سے پہلے نہیں ہوا ہے، ہم کوشش کریں گے ان شاء اللہ تعالیٰ، دیکھیں ہماری فورسسز، ہماری پولیس، یہ لوگ بہت زیادہ قربانیاں دے رہے ہیں، ہمیں ان کی قربانیوں کو بھی Recognize کرنا پڑے گا اور ساتھ ساتھ جو ہاسپٹلز کے ڈاکٹرز ہیں، دیکھیں ایک ایک وقت پر اگر دو سو سے زیادہ لوگوں کو لایا جائے اور ان کو تین تین گھنٹوں میں Manage کیا جائے، ان پر تنقید کرنا بہت آسان ہے لیکن جو ڈاکٹر دو دو تین تین گھنٹے ایک ایک مریض کا آپریشن کر کے ان کو Manage کرتا ہے، اگر آج ہم یہاں بیٹھ کر، اس ائر کنڈیشنڈ ہال میں بیٹھ کر ان کو خراج تحسین کی بجائے ان پر صرف تنقید کرتے رہیں گے تو جناب سپیکر، یہ بہت بڑی زیادتی ہوگی۔ میں آپ سے ریکویسٹ کرونگا کہ میں اور آپ سب کو چاہیے کہ ہم ان ڈاکٹروں کی خدمات کو Recognize کریں، (تالیاں) ان کو خراج تحسین پیش کریں اور جناب سپیکر، Burn Unit کی بات ہوئی ہے، یہ میں آپ کو گارنٹی کرتا ہوں ان شاء اللہ کہ چھ مہینے کے اندر اندر اس صوبے میں بہترین Burn Unit ان شاء اللہ وجود پا چکا ہوگا، (تالیاں) اس پہ کام شروع ہے، اس میں کچھ کمی رہ گئی ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ یہ بھی ہو جائے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ، بہت سارے اور ایشوز ہیں لیکن چونکہ میں مناسب نہیں سمجھتا ہوں کہ اس وقت میں وہ بات کروں لیکن میں آپ کو صرف یہ

بتاتاہوں کہ ہمارے پاس ایک ہاسپٹل ہے ICRC، جو بڑے عرصے سے بند تھا، 120 بیڈز کا ہاسپٹل ہے اور اس میں تمام جو دھماکے کے Patients ہوتے ہیں، ان کو وہاں Manage کیا جاتا ہے فری، ان کے جو Attendants ہیں، ان کی خوراک، ان کی رہائش، جو بیمار آتے ہیں ان کی، وہ سارے وہاں پر فری ہونگے، ان شاء اللہ اس کی بھی ہم این او سی جاری کر رہے ہیں، وہ ہاسپٹل بھی کام شروع کر دیگا۔ اس کے ساتھ ساتھ جناب سپیکر، انڈس ہاسپٹل کے نام پہ اس پشاور میں ان شاء اللہ تعالیٰ 80 کنال پر مشتمل ایک بہت بڑا ہاسپٹل ہم بنا رہے ہیں (تالیاں) جس میں زیادہ تر علاج مفت ہوگا، زیادہ تر علاج ان شاء اللہ اس میں مفت ہوگا، اور بھی بہت ساری چیزیں ہیں لیکن میں صرف یہ کہتا ہوں کہ جو بھائی ہمیں بتا رہے ہیں کہ جی ہمیں چاہیے کہ حکومت سمت بتادے کیونکہ اندھیرا ہے، تو سمت تو میرے خیال سے آپ بھی پانچ سال رہے ہیں، آپ کوئی سمت مقرر کر کے جاتے تو وہ سمت بہت آسان ہو جاتی لیکن آپ خود Confuse رہے ہیں اور میں یہ کہونگا کہ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آپ کو سمت مل جائے گی۔ آپ اپنی ایک بات پر اڑے رہے، اب اگر دستخط کر دیئے ہیں اے پی سی پہ تو کم از کم اس کو Own کریں، یہ نہیں کہ وہاں جا کر آپ نے دستخط کر دیئے اور باہر جا کر آپ کہہ رہے ہیں کہ جی ہمیں پتہ نہیں کہ کیا ہو رہا ہے؟ تو آپ کو پتہ ہونا چاہیے تھا، آپ ادھر دستخط کر رہے تھے تو آپ کی لیڈر شپ کو اتنا نہیں پتہ تھا کہ وہ کس چیز پر دستخط کر رہی ہے؟ قوم کو گمراہ نہ کیا جائے اور نہ ہی اس طرح مفلوج کرنے کی کوشش کی جائے اور میں آپ کو ایک اور بات بتاؤں کہ ہم سے پہلے جو لوگ شہید ہو جاتے تھے، ان کا جو پیکج مقرر تھا، دیکھیں انسان کی کوئی قیمت نہیں، میرے بھائی نے صحیح کہا، عسکر نے کہ آپ اگر کسی کو دو لاکھ، تین لاکھ، پانچ لاکھ پکڑا کے دیں تو آپ ان کی کوئی اشکشوئی نہیں کر سکتے اور نہ ہی اس کی یہ قیمت ہے لیکن چونکہ یہ ایک Remedy ہے، ایک معاوضہ ہے اور اس فیملی کیلئے تو اس کیلئے ہم نے آج فیصلہ کیا ہے کہ اس صوبے میں تین لاکھ کی بجائے پانچ لاکھ روپے کا جو ہے پیکج دیا جائے گا اور اسی طرح زخمیوں کو، آپ صبر تو کریں نا، میں۔۔۔۔

(تالیاں)

<u>آوازیں:</u> وہ تو پہلے ہی پانچ لاکھ ہے۔

<u>وزیر صحت:</u> نہیں نہیں، پانچ لاکھ نہیں ہے، پہلے تین لاکھ تھا۔

<u>آوازیں:</u> پانچ لاکھ ہے۔

وزیر صحت: چلو خیر ہے، اب آپ نے جو بات کی ہے کہ یہ پیسہ کہیں اور نہ چلا جائے، تو چیک بن چکے ہیں، سب کے نام پہ بنے ہیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ آپ فکر نہ کریں غوری صاحب، یہ چیک ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کی نگرانی میں تقسیم ہونگے، بشپ صاحب بیٹھیں ہیں، کوئی ایشو نہیں آئے گا ان شاء اللہ۔

ارباب اکبر حیات: سپیکر صاحب! د چرچ دا کومه واقعه چې شوې ده نو دا صرف دوئ د پاره ده او که نه۔۔۔۔

وزیر صحت: نه نه، ټولو د پاره دی، ټولو د پاره ده۔ یہ سب کیلئے ہے۔ بس میں آخر میں یہی گزارش کرونگا کہ بڑی باتیں ہوتی ہیں کہ جی جب واقعہ ہوتا ہے اور اس دن بھی بڑا شور مچا کہ جی پی ٹی آئی کی لیڈر شپ نہیں ہے، تو میں آپ سے عرض کروں کہ پہلے دن کا جو دھماکہ تھا چرچ کا، اس میں ساڑھے پانچ سو بوتل خون پی ٹی آئی کے ورکروں نے دیا (تالیاں) جو کل کا واقعہ تھا، اس میں گیارہ سو بوتل خون دیا پی ٹی آئی کے ورکروں نے (تالیاں) تو میرے خیال سے یہ پی ٹی آئی کے ورکرز، انصاف یوتھ ونگ اور ہمارے جو سٹوڈنٹس ونگ ہے، انہوں نے آکر خون دیا اور اس کے ساتھ میں آخر میں اپنے تمام ہمارے جو وزیر داخلہ صاحب تشریف لائے، ان کا شکریہ، اپوزیشن لیڈر صاحب خورشید شاہ صاحب آئے، ان کا شکریہ، وزیر اعلیٰ صاحب سندھ آئے، ان کا شکریہ اور جو انہوں نے معاوضہ دیا ہے، اعلان کیا ہے، ہم ان کے مشکور ہیں اور ساتھ ساتھ میں یہ بھی آپ کو عرض کروں کہ جتنے بھی لوگ آئیں ہیں، ہمارے ساتھ، اس صوبے کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا ہے، میں ان سب کا مشکور ہوں اور میں آپ سب سے گزارش کروں گا کہ اس جرگے کو موثر بنائیں اور موثر بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ ہم اس مشکل حالات میں ایک دوسرے کے اوپر پوائنٹ سکورنگ نہ کریں، یہ سیاست کا وقت نہیں ہے کہ میں اپنی بات کر کے پھر کرسی پر بیٹھ کر ہنستا رہوں، یہ موقع اس کا نہیں ہے، یہ ہمارے لئے رونے کا موقع ہے اور ساتھ ساتھ ہماری ہمت دلانے کا موقع ہے کہ ہم سب ایک دوسرے کو ہمت دلائیں اور اس صوبے کو اپنے پیروں پہ کھڑا کریں، جو ادارے ماضی میں تباہ ہوئے ہیں، ان اداروں کو ہم مضبوط کریں۔ آج ہسپتالوں پر ہر طرف سے بمباری ہو رہی ہے، باتیں ہو رہی ہیں کہ جی ہسپتالوں میں کچھ نہیں ہے لیکن ان شاء اللہ موقع دیں، ان ہسپتالوں کے ہم حالات کو سدھار رہے ہیں، جو جو کمی ہے، آپ مجھے Suggestion دیں ان شاء اللہ تعالیٰ مجھے خوشی ہوگی، آپ Suggestion دیں، مجھے خوشی ہوگی اور میں اس کمی کو دور کرنے کی

پوری کوشش کروں گا۔ میں آپ سب کا مشکور ہوں جناب سپیکر کہ اتنے تحمل کے ساتھ آپ نے میری بات سنی۔ بہت شکریہ۔

Mr. Deputy Speaker: The Sitting is adjourned till 03:00 p.m. of tomorrow afternoon.

(اسمبلی کا اجلاس بروز منگل مورخہ یکم اکتوبر بعداز دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)